(۱۷) ۹ بجے کے بعد فرض کرو لا منٹ گذری تھی تو لا منٹ مین گھنٹون کی بڑی سوئی چلنے پر لا حصے طے کریگی اور یعنی سوئی چھوٹی سوئی سے بالکل چلتی ہے تو چھوٹی سوئی $\frac{لا}{۱۲}$ حصے لا منٹ مین طے کریگی اور ۹ بجے چھوٹی سوئی سے ۴۵ حصے آگے یعنی سوئی ہے اسلئے لا = $\frac{لا}{۱۲}$ + ۴۵ اسواسطے ۱۱ لا = ۱۲ × ۴۵ لا = ۴۹ $\frac{۱}{۱۱}$

(۱۸) فرض کرو کہ موہن اکیلا کام کو لا دن مین اور سوہن ر دن مین تیار کر لیتا ہے تو موہن کام کے $\frac{۳۰}{لا}$ حصے ۳۰ دن مین بنائیگا

اسیواسطے $\frac{۳۰}{لا}$ = $\frac{۳}{۵}$ اور اسی طرح $\frac{۱}{لا}$ + $\frac{۱}{ر}$ = $\frac{۲}{۵}$

(۱۹) ۴ لا۲ − لا (۱۲ ر − ۴ ی) + ۹ ر۲ − ۶ ر ی + ی۲ (۲ لا − ۳ ر − ی)
۴ لا۲
۴ لا − (۳ ر − ی)) − لا (۱۲ ر − ۴ ی) + ۹ ر۲ − ۶ ر ی + ی۲
− لا (۱۲ ر − ۴ ی) + ۹ ر۲ − ۶ ر ی + ی۲

(۲۰) ۳ (لا − ۳) − (لا − ۱) (لا − ۴) = (لا − ۱) (لا − ۳) عمل آگے آسان ہے

اور اسکی تحویل اور اختصار یہہ ہوتا ہے کہ ۸۴ لا + ۱۲ = ۱۴۴ − ۱۴۴ لا + ۳۶

(۴۶) دوسری مساوات کو ۲ میں ضرب دو اور اول پر جمع کرو تو ۵۸ لا − ۲۹ ی − ۲۹ = ۰

۲۹ پر تقسیم کرو تو ۲ لا − ی − ۱ = ۰ پہر دوسری مساوات کو ۳ میں ضرب دو اور تیسری پر جمع کرو

(۴۷) فرض کرو کہ بوتلوں کی تعداد لا ٹہری تو ملاؤ کا گلاب ۱۲ (لا + ۸۰) اونس کو فروخت ہوا اسواسطے ۱۲ (لا + ۸۰) = ۱۵ × ۸۰ (۱ + ۲۰/۱۰۰)

(۴۸) فرض کرو کہ موہن کام کو لا دنوں اور سوہن ی دنوں میں اور راداہی ع دنوں میں علیحدہ علیحدہ

تو ۱/لا + ۱/ی = ۱/۱۲ اور ۱/لا + ۱/ع = ۱/۱۵ اور ۱/ی + ۱/ع = ۱/۲۰ جمع کرنے سے

۲ (۱/لا + ۱/ی + ۱/ع) = ۱/۵ اسواسطے ۱/لا + ۱/ی + ۱/ع = ۱/۱۰ پس موہن اور سوہن اور رادہا

تینوں مل کر کام کا ۱/۱۰ حصہ بناتے ہیں اسواسطے کل کام ۱۰ دن میں بنا دینگے

(۴۹) فرض کرو کہ √لا + √ی جذر ہے تو بموجب دفعہ ۱۰۳ کے ہم کو یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

لا + ی = ا − ح اور √لا ی = √(اب + ب ح − ا ح − ب^۲)

اسیواسطے (لا − ی)^۲ = (ا − ح)^۲ − ۴ (اب + ب ح − ا ح − ب^۲) = (۲ ب − ا − ح)^۲

(۵۰) ۴ − ۳/(۴ − لا) = (۱۶ − ۴ لا − ۳)/(۴ − لا) = (۱۳ − ۴ لا)/(۴ − لا) اور ۳ ÷ (۱۳ − ۴ لا)/(۴ − لا) = (۱۲ − ۳ لا)/(۱۳ − ۴ لا)

۴ − (۱۲ − ۳ لا)/(۱۳ − ۴ لا) = (۵۲ − ۱۶ لا − ۱۲ + ۳ لا)/(۱۳ − ۴ لا) = (۴۰ − ۱۳ لا)/(۱۳ − ۴ لا)

۳ ÷ (۴۰ − ۱۳ لا)/(۱۳ − ۴ لا) = (۳۹ − ۱۲ لا)/(۴۰ − ۱۳ لا) پس لا = (۳۹ − ۱۲ لا)/(۴۰ − ۱۳ لا)

اسیواسطے ۱۳ لا^۲ − ۵۲ لا + ۳۹ = ۰ اسیواسطے لا^۲ − ۴ لا + ۳ = ۰

(۵۱) جملہ پر جب عمل کیا جائیگا تو لا کا سر ا + ب + ح + ب − ح − (ب + ح − ا) + ح + ا − ب

یعنی ۲ ا ہے اسی طرح ی کا سر اور ی کا دریافت کرو

(۵۲) (ص − ا + ص − ب)^۳ = (ص − ا)^۳ + (ص − ب)^۳ + ۳ (ص − ا) (ص − ب) (ص − ا + ص − ب)

اور ص − ا + ص − ب = ۲ ص − ا − ب = ح

(لا-۵)(لا-۴)(-لا^۲+۱۲لا-۲۴) = (لا-۶)(لا-۳)(-لا^۲+۱۲لا-۲۶)

یعنی (لا^۲-۹لا+۲۰)(-لا^۲+۱۲لا-۲۴) = (لا^۲-۹لا+۱۸)(-لا^۲+۱۲لا-۲۶)

اسیواسطے (لا^۲-۹لا)(-لا^۲+۱۲لا) + ۲۰(-لا^۲+۱۲لا) - ۲۴(لا^۲-۹لا) - ۲۰×۲۴

= (لا^۲-۹لا)(-لا^۲+۱۲لا) + ۱۸(-لا^۲+۱۲لا) - ۲۶(لا^۲-۹لا) - ۱۸×۲۶

اسیواسطے ۲(-لا^۲+۱۲لا) + ۲(لا^۲-۹لا) = ۲۰×۲۴ - ۱۸×۲۶

(۶۶) کسور کو دور کرو اور سادہ کرو تو مساواتون کی صورت یہہ ہو جائیگی

ب لا - ا ی = ۰ اور ۲ب لا - ا ی = ا ب

(۶۷) فرضکرو کہ مکان لا روپیہ کو خریدا تہا تو کل لا + ۱/۲۵ لا یعنی ۲۶لا/۲۵ روپیہ اوسکا صرف ہوا اور مکان کے خالی رہنی سی جو نقصان سمجہا گیا ۲۶لا/۲۵ × ۵/۱۰۰ روپیہ تہا لیس ۱۱۹۲ - ۲۶لا/۲۵ - ۲۶لا/۲۵ × ۵/۱۰۰ نفع ہے اور اسیواسطے یہہ برابر ہے ۱/۲۰ لا کے

(۶۸) فرض کرو کہ اول دفعہ مین لا رای موافق اور ی مخالف تہین تو

لا - ی = ۱/۳ ی اور لا - ۱۰ - (ی + ۱۰) = ۱

(۶۹) منتقل کرو اور مجذور کرو لا - ۲√(لا ا + ا) = لا + ا - ب - ۲√(ب(لا + ا - ب)) + اب

اسیواسطے √(لا ا) = √(ب (لا + ا - ب)) مجذور کرو لا ا = ب (لا + ا - ب)

اسیواسطے لا (ا - ب) = ب (ا - ب)

(۷۰) یہہ مساوات معمولی قاعدہ سے حل ہو سکتی ہے یا اسکو اسطرح لکہین کہ

(لا-۲)(لا-۳) = (۲ + ۱/۲۲)(۱ + ۱/۲۲) اب یہہ ظاہر ہے کہ ایک حل لا - ۲ = ۲ + ۱/۲۲ ہے یعنی لا = ۴ ۱/۲۲ اور چونکہ قیمتونکا مجموعہ ۵ ہے تو دوسری قیمت ۶۷/۲۲ ہو گی دفعہ ۳۳۶ دیکہو

(۷۱) ∛[۲(۳-۶+۲)] + ∛[(۲۴-۲۵)(۵+۳)] + ∛[(۳-۵)(۲-۶)]

= ∛۱۲۵ + ∛۸ + ∛۸ = ۵ + ۲ + ۲ = ۹

(۷۲) ہر یک جملہ = لا(لا^۲ + ی^۲) + ی(ی^۲ + لا^۲) + ی(لا^۲ + ی^۲) + ۲ لا ی

(۷۳) اول جملہ کو ۴ میں ضرب دو

۴ لا^۴ − ۱۵ لا^۳ − ۳۸ لا + ۶۵) ۲۰ لا^۴ − ۷۶ لا^۳ + ۲۲۰ لا − ۱۷۰۰ (۵

۲۰ لا^۴ − ۷۵ لا^۳ − ۱۹۰ لا + ۳۲۵

− لا^۳ + ۴۱۰ لا − ۲۰۲۵

یعنے مقسوم علیہ کی علامت بدلو لا^۳ − ۴۱۰ لا + ۲۰۲۵) ۴ لا^۴ − ۱۵ لا^۳ − ۳۸ لا + ۶۵ (۴ لا

۴ لا^۴ − ۱۶۴۰ لا^۲ + ۸۱۰۰ لا

۱۶۲۵ لا^۲ − ۸۱۳۸ لا + ۶۵

۱۳ پر تقسیم کرو اور قیمت کو جاری رکھو

۱۲۵ لا^۲ − ۶۲۶ لا + ۵

۱۲۵ لا^۲ − ۵۱۲۵۰ لا + ۲۵۳۱۲۵

۵۰۶۲۴ لا + ۲۵۳۱۲۵

۵۰۶۲۴ پر تقسیم کرو لا − ۵) لا^۳ − ۴۱۰ لا + ۲۰۲۵ (لا^۲ − ۴۰۵

لا^۳ − ۵ لا^۲

− ۴۰۵ لا + ۲۰۲۵

− ۴۰۵ لا + ۲۰۲۵

پس لا − ۵ مقسوم علیہ اعظم ہے

(۷۴) نسب نما متحد (ا − ب)(ب − ح)(ح − ا) بنا و تو شمار کنندہ

(ح − ب) ب ح (لا − ا)^۲ + (ا − ح) ح ا (لا − ب)^۲ + (ب − ا) ا ب (لا − ح)^۲

یعنی لا^۲ [(ح − ب) ب ح + (ا − ح) ح ا + (ب − ا) ا ب] یعنے لا^۲ (ا − ب)(ب − ح)(ح − ا)

(۷۵) محدود کرو کہ (لا − ا)^۲ + ۲ ا ب + ب^۲ = (لا − ا)^۲ + ۲ ب (لا − ا) + ب^۲

اسواسطے ۲ ا ب = ۲ ب (لا − ا) اسواسطے لا = ۲ ا

(۷۶) ا لا + ح ء + ب ی = ھ اور ح لا + ب ء + ا ی = ھ اور ب لا + ا ء + ح ی = ھ

اسمین ھ بجای ا۲ + ب۲ + ح۲ − ۳ ا ب ح کے ہی دوم مساوات کو اول سے تفریق کرو اور سوم مساوات کو دوم مساوات مین سے تو

(ا − ح) لا + (ح − ب) ء + (ب − ا) ی = ۰ اور (ح − ب) لا + (ب − ا) ء + (ا − ح) ی = ۰

اسے معلوم ہوا کہ لا ÷ {(ح − ب)(ا − ح) − (ب − ا)۲} = ء ÷ {(ب − ا)(ح − ب) − (ا − ح)۲} = ی ÷ {(ا − ح)(ب − ا) − (ح − ب)۲}

دفعہ ۳۸۵ دیکھو ان تینون نسب نمایون مین سے ہر ایک کی تحویل ا ب + ب ح + ح ا − ا۲ − ب۲ − ح۲ کے طرف ہوتی ہے پس لا = ء = ی پس انکو ایک مساوات مین مندرج کرنے سے یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

(ا + ب + ح) لا = ا۳ + ب۳ + ح۳ − ۳ ا ب ح تقسیم ا + ب + ح پر کرو تو

لا = ا۲ + ب۲ + ح۲ − ب ح − ح ا − ا ب

(۷۷) چکر کا دور ۱ میل کا فرض کرو تو زید ۱۳ میل نصف گہنٹہ مین چلا یعنی ۲۶ میل فی گہنٹہ کی چال سے چلا اور اسی طرح بکر ۱۹ میل فی گہنٹہ کی چال سے چلا اور نصف گہنٹے کے اخر مین زید ۳/۲ میل اگے بکر سے تہا فرض کرو کہ بکر زید کو لا گہنٹہ مین پکڑتی ہے تو ۱۹ × لا = ۳/۲ + ۱۶ × لا

پس ۳ لا = ۳/۲ اسواسطے لا = ۱/۲

(۷۸) فرض کرو کہ پیر کے دن مچھلیون کی قیمت لا پنس ہے اور ر پنس دوسرے دن تو ۲۴/۱۲ لا تعداد اون درختون کی ہے جو ایک سورن کو پیر کے دن خریدی جائین اور ۱۲/ر اون مچھلیون کی تعداد ہے جو دوسرے دن ایک شلنگ کو خریدی جائین اسواسطے ۱۲/ر = ۲ × ۲۴۰/۱۲ لا اور ۱۰ لا + ۱۰ ر = ۲۶

(۷۹) ہم کو معلوم ہے کہ (ع + ق)۳ = ع۳ + ق۳ + ۳ ع ق (ع + ق) پس یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

لا۳ = ا + ∛(ا۲ + ب۲) + ا − ∛(ا۲ + ب۲) + ۳ لا ∛((ا + ∛(ا۲ + ب۲))(ا − ∛(ا۲ + ب۲)))

$\frac{۴لا^۳}{۱-لا^۴} - \frac{۴لا^۳}{۱+لا^۴} = \frac{۸لا^۷}{۱-لا^۸}$ اور $\frac{۸لا^۷}{۱-لا^۸} - \frac{۸لا^۷}{۱+لا^۸} = \frac{۱۶لا^{۱۵}}{۱-لا^{۱۶}}$

(۸۵) کسر دور کرو یا اسطرح عمل کرو کہ

$۲لا + \frac{۲لا^۲+۱}{لا^۳+۲لا^۲+۲لا+۳} = ۲لا + \frac{۱}{لا+۱}$ اسیواسطے $\frac{۲لا^۲+۱}{لا^۳+۲لا^۲+۲لا+۳} = \frac{۱}{لا+۱}$

اسیواسطے $(لا^۲+۱)(۲لا+۱) = ۲لا^۳+۲لا+۳$

(۸۶) اول مساوات کو ب ح + ح ا + ا ب مین اور دوسرے مساوات کو ا + ب + ح مین

اور تفریق کرو تو $(ا^۲ - ب ح)$ لا + $(ب^۲ - ح ا)$ ء + $(ح^۲ - ا ب)$ ی = ۰

اس کو تیسرے مساوات معلوم کے ساتھہ شامل کرو پس بموجب دفعہ ۳۸۵

$\frac{لا}{(ب+ح) صہ} = \frac{ء}{(ح+ا) صہ} = \frac{ی}{(ا+ب) صہ}$

اسمین صہ بجای $ا^۲ + ب^۲ + ح^۲ - ب ح - ح ا - ا ب$ کے ہے پس یہہ سادی صورت حاصل ہوگئی

$\frac{لا}{ب+ح} = \frac{ء}{ح+ا} = \frac{ی}{ا+ب}$ = ک کے فرض کرو

قیمت کو اول مساوات معلوم مین مندرج کرو تو ک = $\frac{۱}{۲}$

(۸۷) فرض کرو کہ کمپنی کا سرمایہ لا روپیہ ہی تو جو مقدار رونکو نفع کا حصہ تقسیم ہوا $\frac{۵ لا}{۱۰۰} + \frac{۲}{۱۰۰} \times$ ۴۰۰۰۰ روپیہ ہی اور یہہ برابر ہونا چاہیے $\frac{۶}{۱۰۰}$ (لا + ۴۰۰۰۰)

(۸۸) فرض کرو کہ وہ شخص لا میل فی گھنٹہ پہاڑ کی چڑہائی پر چڑہتا ہی اور ء میل فی گھنٹہ ہموار زمین پر چلتا ہے اور ی میل فی گھنٹہ پہاڑ سے اترتا ہے

تو $\frac{۵}{لا} + \frac{۴}{ء} + \frac{۶}{ی} = ۳\frac{۳۶}{۱۵}$ اور $\frac{۶}{لا} + \frac{۴}{ء} + \frac{۵}{ی} = ۴$ اور

جب وہ مقام ب کے طرف ادہی دور جاکر اولٹا چلا آتا ہی تو وہ ۵ پانچ میل پہاڑ پر چڑہتا ہے

اور ۲$\frac{۱}{۲}$ میل ہموار زمین پر اور ۵ میل پہاڑ پرسی اترتا ہی اسلئی $\frac{۵}{لا} + \frac{۴}{ء} + \frac{۵}{ی} = ۳\frac{۱۱}{۱۲}$

اول مساوات کو دوم مساوات مین سی تفریق کرو تو $\frac{۱}{لا} - \frac{۱}{ی} = \frac{۲}{۱۵}$ پہر دوسرے مساوات کو ۵ مین ضرب دو اور تیسرے مساوات کو ۴ مین اور تفریق کرو تو

$\frac{۱}{لا} + \frac{۵}{ی} = ۴\frac{۱}{۳}$

(۸۹) [√۱۹۳۶۰ + ۱۶۱]^½ = [(√۱۹۳۶۰ − ۱۶۱) / (۱۹۳۶۰ − (۱۶۱)²)]^½ = [(√۱۹۳۶۰ − ۱۶۱) / (−۶۵۶۱)]^½

= ۱/۸۱ [√۱۹۳۶۰ − ۱۶۱]^½ = ۱/۸۱ [√۴۰ − ۱۱] دفعہ ۱۰۳ دیکھو

(۹۰) ا (لا + ب − ح) + ب (لا + ا − ح) = ۲ (لا + ا − ح) (لا + ب − ح) اسیواسطے

۲ لا² + لا (ا + ب − ۴ح) = −۲ح² + (ا + ب) ح اسیواسطے

لا² + لا (ا + ب − ۴ح)/۲ + ((ا + ب − ۴ح)/۴)² = −ح² + (ا + ب) ح/۲ + (ا + ب − ۴ح)²/۱۶ = (ا + ب)²/۱۶

اسیواسطے لا + (ا + ب − ۴ح)/۴ = ± (ا + ب)/۴

(۹۱) ۳لا − [۵ی − [۲لا − (۳ی − ۳ی) + ۲ی − (لا − ۲ی − ی)]]

= ۳لا − [۵ی − [۲لا − ۳ی + ۳ی + ۲ی − لا + ۲ی + ی]]

= ۳لا − [۵ی − (لا + ۵ی)] = ۳لا − [۵ی − لا − ۵ی] = ۳لا + لا = ۴لا = ۲۰

(۹۲) جملون پر معمولی عمل کرنے سے مطلب حاصل ہوجاۓگا یا اسطرح عمل کرو کہ مثال ۱۰ کی موافق

اگر ع + ق + ر = ۰ تو ع² + ق² + ر² = ۲ق²ر² + ۲ر²ع² + ۲ع²ق²

پس انمین سے ہر یک برابر دونو کے نصف مجموعہ کے برابر ہوگا یعنی ½[ع² + ق² + ر² + ۲ق²ر² + ۲ر²ع² + ۲ع²ق²]

یعنی ½(ع² + ق² + ر²)² پس اگر ہم ع = لا − ی اور ق = ی − ی اور ر = ی − لا

مان لے تو ع + ق + ر = ۰ اور ع² + ق² + ر² = ۲ (لا² + ی² + ی² − ی ی − ی لا − لا ی)

پس مدعا ثابت ہوگیا

(۹۳) لا² + (م − ۳) لا − ۶م) لا³ + (۵م − ۳) لا² − (۲م² + ۳م) لا + ۶م² (لا − ۲م

لا³ + (م − ۳) لا² − (۳م − ۲م²) لا

۴م لا² + (۸م − ۱۲م) لا − ۲۴م²

۴م پر تقسیم کرو لا² + (۲م − ۳) لا − ۶م) لا³ + (م − ۳) لا² − (۳م² + ۳م) لا + ۶م² (لا − م

لا³ + (۲م − ۳) لا² − ۶م لا

− م لا² − (۲م² − ۳م) لا + ۶م²

− م لا² − (۲م² − ۳م) لا + ۶م²

پس لا² + (۲م − ۳) لا − ۶م یعنی (لا − ۳) (لا + ۲م) مقسوم علیہ اعظم ہے

(۹۴) کسر معلوم = [ا^۳ (ج − ب) + ب^۳ (ا − ج) + ج^۳ (ب − ا)] / [ا^۲ (ج − ب) + ب^۲ (ا − ج) + ج^۲ (ب − ا)] اور نسب نما معلوم ہی کہ برابر ہے (ا − ب) (ب − ج) (ج − ا) اور شمار کنندہ برابر (ا − ب) (ب − ج) (ج − ا) (ا + ب + ج)

اور یہہ تو تقسیم اللامرین عمل کرنے سے معلوم ہو جاتا ہے یا دفعہ ۸۰۳ کے ترکیب سے

(۹۵) کسور کو دور کرو تو ۴ (لا − ۱)^۵ = ۰

(۹۶) لا − ا اور ی − ب اور ی − ج کے قیمت کو بر سے تعبیر کرو تو

لا = بر + ا اور ی = بر + ب اور ی = بر + ج اسکو اول مساوات میں مندرج کرو تو یہہ حاصل ہوگا کہ

(بر + ا)^۳ + (بر + ب)^۳ + (بر + ج)^۳ = ۳ (بر + ا) (بر + ب) (بر + ج)

اور اسکا اختصار یہہ ہوتا ہے کہ ۳ بر (ا^۲ + ب^۲ + ج^۲ − ب ج − ج ا − ا ب) = ۳ ا ب ج − ا^۳ − ب^۳ − ج^۳

اسواسطے بر = −⅓ (ا + ب + ج)

(۹۷) فرض کرو کہ سکس پنس کی تعداد کو لا اور شلنگ کے تعداد کو ی اور ہاف کرون کی تعداد کو ی تعبیر کرتا ہے،

تو لا + ی + ی = ۱۰۲ اور لا = ۲ی = ۵ی

(۹۸) فرض کرو کہ مقام ا سے مقام ب تک لا میل کا فاصلہ اور مقام ب سے مقام س تک ی میل کا فاصلہ ہے،

تو لا/۳½ + ی/۴½ گھنٹوں کی تعداد ہے جسمین وہ چلا اور یہہ برابر ہے (لا + ی)/۳¾

اور یہہ ی/۳⅓ + لا/۴½ + ۱۳/۶۰ پس ۲لا/۷ + ی/۴½ = ۴ (لا + ی)/۱۵ = ۴ی/۱۵ + لا/۴½ + ۱۳/۶۰

اسواسطے ۲لا/۱۵ = لا/۴½ + ۱۳/۶۰ اسواسطے لا = ۱۴

(۹۹) لا^۳ + ی^۳ + ی^۳ − ۳لا ی ی = (لا + ی + ی) (لا^۲ + ی^۲ + ی^۲ − ی ی − ی ی − لا ی)

اب لا + ی + ی = (ا + ب + ج) (لا^۲ + ی^۲ + ی^۲) پس ۸۲ مثال کے امداد سے نتیجہ مطلوب حاصل ہو جائیگا

(۱۰۱) (۴لا + ۲)^۴ − (۲لا + ۴)^۴ = (۳لا − ۱)^۴ − (لا − ۳)^۴

اب (۴لا + ۲)^۴ − (۲لا + ۴)^۴ = [(۴لا + ۲)^۲ + (۲لا + ۴)^۲] [(۴لا + ۲)^۲ − (۲لا + ۴)^۲]

= [(۴لا + ۲)^۲ + (۲لا + ۴)^۲] [۴لا + ۲ + ۲لا + ۴] [۴لا + ۲ − ۲لا − ۴]

(۱۱۸) اول فرض کرو کہ ر بڑا م سے نہیں ہے تو سر مطلوب وہ ہوگا کہ (ن ـ م + ۱) لا (۱ ـ لا) / (۱ ـ لا)^۲ کی صورت مفصلہ سے پیدا ہوگا یعنے (ن ـ م + ۱) لا (۱ ـ لا)^-۱ اسکے صورت مفصلہ سے سو اسطی سر ن ـ م + ۱ ہے دوم فرض کرو کہ ر درمیان م + ۱ اور ن + ۱ واقع ہے اور سمین یہہ دونو داخل ہین تو علاوہ ن ـ م + ۱ کے ہم کو لا^(م+۱) / (۱ ـ لا)^۲ کی صورت مفصلہ سے سر دریافت کرنا ہے یعنے ـ لا^(م+۱) (۱ ـ لا)^-۲ کے صورت مفصلہ سے

یعنے ـ (ر ـ م) بموجب فقرہ ۲۱۵ کے سیواسطے کل سر ن ـ م + ۱ ـ (ر ـ م)

یعنے ن ـ ر + ۱ ہے آخر یہہ فرض کرو کہ ر بڑا ن + ۱ سے ہے تو علاوہ ن ـ ر + ۱ کے جسکو ابہی دریافت کیا ہے ہم کو لا^(ن+۲) / (۱ ـ لا)^۲ کی صورت مفصلہ سے سر دریافت کرنا ہے یعنی لا^(ن+۲) (۱ ـ لا)^-۲ کی صورت مفصلہ سے یعنی ر ـ ن + ۱ بموجب فقرہ ۲۱۵ کی سیواسطی کل سر

ن ـ ر + ۱ + ر ـ ن ـ ۱ یعنے صفر ہے

(۱۱۹) √(ن^۲ + ۱) ـ ن = [√(ن^۲ + ۱) ـ ن] × (√(ن^۲ + ۱) + ن) / (√(ن^۲ + ۱) + ن) = ۱ / (√(ن^۲ + ۱) + ن)

اور یہہ بڑا ۱ / ۲(ن + ۱) سے ہی اور سیواسطی بڑا ۱ / ۲(ن + ۱) سے ہے اسسے معلوم ہوا کہ سلسلہ مفروض بڑا ۱/۲ [۱/۲ + ۱/۳ + ۱/۴ + ...] سے ہے اور سیواسطی بموجب فقرہ ۵۶۲ کے انفراجی ہے

(۱۲۰) لوک ۱ / (۵۰ر۱)^۱۳ = ـ ۱۳ لوک ۵۰ر۱ = ـ ۱۳ × ۰۲۱۱۸۹۳ر = ـ ۰۹۲۷۵۴۰۹ر
= ـ ۱ + ۷۲۴۵۹۱ر = لوک ۵۳۰۳۲۱۴ر

لوک ۱ / (۵۰ر۱)^۲۰ = ـ ۲۰ لوگ ۵۰ر۱ = ـ ۲۰ × ۰۲۱۱۸۹۳ر = ـ ۴۲۳۷۸۶ر
= ـ ۱ + ۵۷۶۲۱۴ر = لوگ ۳۷۶۸۸۹ر

پس ۱/۵۰ر [۵۳۰۳۲۱۴ر ـ ۳۷۶۸۵۹۴ر] = ۲۰ × ۱۵۳۴۳۲ر = ۰۶۸۶۴ر۳

(۱۲۱) انتقال اور مجذور کرنے سے

۴ + ۵لا ـ لا^۲ ـ ۲(۴ + ۵لا ـ لا^۲)^½ (لا^۲ + ۳لا ـ ۴)^½ + لا^۲ + ۳لا ـ ۴ = ۸لا

اسیواسطے $(۴ + ۵ لا - لا^۲)^{\frac{۱}{۲}} (لا^۲ + ۳ لا - ۴)^{\frac{۱}{۲}} = ۰$

اسیواسطے یا تو $۴ + ۵ لا - لا^۲ = ۰$ یا $لا^۲ + ۳ لا - ۴ = ۰$

(۱۲۲) فرض کرو کہ صہ ایک قیمت کو اور ۲ صہ دوسری قیمت کو تعبیر کرتا ہے تو $ا صہ^۲ + ب صہ + ح = ۰$

اور $۴ ا صہ^۲ + ۲ ب صہ + ح = ۰$ اسیواسطے تفریق کرنے سے $۳ ا صہ^۲ + ب صہ = ۰$ اسیواسطے

$صہ = - \frac{ب}{۳ا}$ اس قیمت صہ کو مندرج کرو تو $\frac{۲ب^۲}{۹ا} - \frac{ب^۲}{۳ا} + ح = ۰$ اسیواسطے

$$۲ب^۲ = ۹ اح$$

(۱۲۳) $\frac{لا+ی}{۱۲} = \frac{۷}{لا+ی+۵}$ اسیواسطے $(لا+ی)^۲ + ۵(لا+ی) = ۸۴$ اس سے یہہ حاصل

ہوتا ہے کہ $لا + ی = ۷$ یا -۱۲ پہر $\frac{۱}{لا} + \frac{۱}{ی} = \frac{لا+ی}{۱۲}$ اسیواسطے $لا ی = ۱۲$

(۱۲۴) فرض کرو کہ لا اور د اور ی تین حصے ہیں تو $\frac{لا د}{۴} = \frac{د ی}{۵} = \frac{ی لا}{۶}$ اور

$لا + د + ی = ۱۱۱$ پس $لا = \frac{۴ی}{۵}$ اور $د = \frac{۵لا}{۶} = \frac{۲ی}{۳}$ انکو مندرج کرو تو

$$\frac{۴ی}{۵} + \frac{۲ی}{۳} + ی = ۱۱۱$$

(۱۲۵) دفعہ ۳۴۵ دیکھو ان کی دونو قیمتیں مثبت ہونی چاہئے پس قیمتوں کا مجموعہ اور فرق دونو کیا جفت صحیح اعداد ہونگے یا دونو طاق صحیح اعداد ہونگے اسیواسطے $ب - \frac{۱۲}{ب}$ ایک مثبت صحیح عدد ہونا چاہئے اور $(ب - \frac{۱۲}{ب})^۲ + \frac{۴۸}{ب}$ ایک مثبت صحیح مجذور ہونا چاہئے اور ایک مجذور کامل ہو اور اسکے دونو صحیح اعداد جفت ہونی چاہئے یا دونو طاق اور اول صحیح کا مجذور بڑا دوسرے کے مجذور سے ہونا چاہئے

(۱۲۶) ہم کو اس سلسلہ $\frac{۱}{د} + \frac{۱}{در} + \frac{۱}{در^۲}$ کی ن رقموں کا مجموعہ دریافت کرنا ہے

اور یہہ مجموعہ $= \frac{۱}{د} \cdot \frac{۱ - \frac{۱}{ر^ن}}{۱ - \frac{۱}{ر}} = \frac{ر^ن - ۱}{در^{ن-۱}(ر-۱)}$

(۱۲۷) ہم اول ادس آدمی کو ن چیزیں $\frac{م ن (م ن - ۱) \cdots (م ن - ن + ۱)}{|ن}$ طوروں سے دے سکتے ہیں تو م ن - ن چیزیں باقی رہیں انہیں سے ن چیزیں دوسرے آدمی کو $\frac{(م ن - ن)(م ن - ن - ۱) \cdots (م ن - ۲ن + ۱)}{|ن}$ طوروں سے دے سکتے ہیں اور علی ہذالقیاس

(۱۳۲) فرض کرو کہ سہ اور صہ قیمتین ہون سہ + صہ = ب/د اگر سہ اور صہ ایک ہی علامت رکہین تو وہ علامت ب/د کی ہوگی اور اگر سہ و صہ کی مختلف علامتین ہون تو دونون مین جو تعداداً بڑا ہوگا اوسکی علامت ب/د ہوگی اور ایسی ہی ۱/سہ + ۱/صہ = ب/ج پس ب/ج کی علامت وہی ہے جو اوسکی علامت ہے کہ دونو ۱/سہ اور ۱/صہ مین سے تعداداً بڑا ہے یعنی وہی علامت ہے جو اوسکی علامت ہے کہ دونو سہ اور صہ مین سے تعداداً چہوٹا ہے

(۱۳۳) فرض کرو کہ لا − ا = طر اور ۶ − ب = بر اور ی − ح = مر پس ان کو لا اور ۶ اور ی کی جگہہ رکہو تو یہہ حاصل ہوگا کہ طر + بر + مر = ۰ اور طر/ا + بر/ب + مر/ح = ۰ اور طر² + بر² + مر² + ۲ طر ا + ۲ بر ب + ۲ مر ح = ۰ اول اور دوسری مساواتون سے بموجب فقرہ ۳۸۵ کے ہم کو یہہ حاصل ہے کہ طر/(۱/ح − ۱/ب) = بر/(۱/ا − ۱/ح) = مر/(۱/ب − ۱/ا) = ک اسکو آخر مساوات مین مندرج کرو تو

ک² [(ب − ح)²/(ب² ح²) + (ح − ا)²/(ا² ح²) + (ا − ب)²/(ا² ب²)] + ۲ ک [ا(ب − ح)/(ب ح) + ب(ح − ا)/(ح ا) + ح(ا − ب)/(ا ب)] = ۰

اسواسطے ک = ۰ یا ک = −۲ ا ب ح [ا²(ب − ح) + ب²(ح − ا) + ح²(ا − ب)] / [ا²(ب − ح)² + ب²(ح − ا)² + ح²(ا − ب)²]

(۱۳۴) فرض کرو کہ زید نے لا ہاف کرون اور ۶ شلنگ اور ی سکس پنس لئے اور بکر نے طر ہاف کرون اور بر شلنگ اور مر سکس پنس لئے تو

۵ لا + ۲ ۶ + ی = ۵ طر + ۲ بر + مر اور ۵(لا + طر)/۱۵ = ۲(۶ + بر)/۴ = (ی + مر)/۱ = ک فرض کرو لا + ۶ + ی = ۶۰ اور طر + بر + مر = ۶۰ اور لا = طر + ۲

پس لا + طر = ۳ ک اور ۶ + بر = ۲ ک اور ی + مر = ک اسواسطے

لا + ۶ + ی + طر + بر + مر = ۶ ک یعنی ۱۲۰ = ۶ ک پس ک = ۲۰ اسی معلوم ہوا کہ

لا + طر = ۶۰ اور لا − طر = ۲ اسیواسطے لا = ۳۱ اور طر = ۲۹ اور

(۱۳۵) ہم کو یہہ معلوم ہے کہ ۱/ق = ا + (ع − ۱) ب اور ۱/ح = ا + (ق − ۱) ب

تفریق کرنے سے $\frac{1}{ق} - \frac{1}{ع} = (ع - ق)\,ب$ اسیواسطے $ب = \frac{1}{ع\,ق}$ اب اس ب کے قیمت کو مندرج کرو تو $\frac{1}{ق} = ا + \frac{ع-1}{ع\,ق}$ اسیواسطے $ا = \frac{1}{ع\,ق}$ پس ن رقموں کا مجموعہ $= \frac{ن}{2}(ن+1)\frac{1}{ع\,ق}$ اور یہہ $= \frac{ع\,ق+1}{2}$ اگر $ن = ع\,ق$

(۱۳۶) ہمکو معلوم ہے کہ $ب = \frac{ا+ج}{2}$ اور $صہ = \frac{2\,سہ\,لہ}{سہ+لہ}$ اور $\frac{سہ}{لہ} + \frac{لہ}{سہ} = \frac{ا}{ج} + \frac{ج}{ا}$ اسے معلوم ہوا کہ $(ب\,صہ)^2 = \frac{(ا+ج)^2\,سہ^2\,لہ^2}{(سہ+لہ)^2}$ لیکن $\frac{سہ^2 + لہ^2}{سہ\,لہ} = \frac{ا^2+ج^2}{ا\,ج}$ اسیواسطے $\frac{(سہ+لہ)^2}{سہ\,لہ} = \frac{(ا+ج)^2}{ا\,ج}$ اسیواسطے $\frac{(ا+ج)^2}{(سہ+لہ)^2} = \frac{ا\,ج}{سہ\,لہ}$ پس

$$(ب\,صہ)^2 = ا\,ج\,سہ\,لہ$$

(۱۳۷) اب تین حروف صحیح مین سے ۲ حرف لو اور ایک کو لفظ کے اول مین اور دوسرے کو لفظ کے آخر مین رکھو تو ایسی ۶ صورتین پیدا ہونگی اب باقی حرف مین $\underline{|6}$ ترتیبین بنینگی پس کل الفاظ $6\ \underline{|6}$ ہوئے

(۱۳۸) ہم کو معلوم ہے کہ $(1+لا)^{2ن} = ا_. + ا_1 لا + ا_2 لا^2 + ا_3 لا^3 + \dots$

$$\left(1 - \frac{1}{لا}\right)^{2ن} = ا_. - \frac{ا_1}{لا} + \frac{ا_2}{لا^2} + \frac{ا_3}{لا^3} + \dots$$

پس $ا_.^2 - ا_1^2 + ا_2^2 - ا_3^2 + \dots$ ایک ایسی رقم $(1+لا)^{2ن}$ اور $\left(1-\frac{1}{لا}\right)^{2ن}$ کے حاصلضرب مین ہے کہ جسمین لا شامل نہین ہے اور

$$(1+لا)^{2ن} \times \left(1 - \frac{1}{لا}\right)^{2ن} = \frac{(لا+1)^{2ن}(لا-1)^{2ن}}{لا^{2ن}} = \frac{(لا^2-1)^{2ن}}{لا^{2ن}}$$

پس جس رقم مین کہ لا شامل نہین ہے وہ صورت مفصلہ $(لا^2-1)^{2ن}$ مین $لا^{2ن}$ کا ضریب ہے اور یہہ $\frac{(-1)^ن\,\underline{|2ن}}{\underline{|ن}\,\underline{|ن}}$ ہے

(۱۳۹) ن وین رقم $\frac{1}{ن\sqrt[ن]{ن}}$ ہے اور $\sqrt[ن]{ن}$ چہوٹا ۲ سے ہے اسلئے کہ $(1+1)^ن = 1 + ن + \dots$ پس $2^ن$ بڑی ن سے ہے اور اسیواسطے ۲ بڑا $\sqrt[ن]{ن}$ سے ہے، پس سلسلہ کی ہر ایک رقم $\frac{1}{2}$ سے بڑی ہے اسلئے بموجب دفعہ ۵۵۷ کے سلسلہ انفراجی ہے

(۱۴۰) مساوات معلوم سے ہمکو یہہ حاصل ہے کہ $ی = لوگ\,(1+لا)$ اسیواسطے $ئی^ی = 1 + لا$

اسیواسطے لا = یی − ۱ = ی + ی²/|۲ + ی³/|۳ + . . .

(۱۴۱) لا² − ۳لا + ۷ + ۴ √(لا² − ۳لا + ۷) + ۴/۱ = ۲۰ ۴/۱ اسیواسطے √(لا² − ۳لا + ۷) + ۲/۱ = ± ۲/۹ یہہ قیمت √(لا² − ۳لا + ۷) = −۴ ٹہیک مساوات مین نہین بیٹہتی اسلئے √(لا² − ۳لا + ۷) = ۵ کو اختیار کرو

(۱۴۲) فرض کرو کہ بہری ہوئی مربع کی صف مقابل مین سپاہیون کی تعداد لا ہے تو کل سپاہیون کی تعداد لا² ہوگی اور خالی مربع کی صف مقابل مین لا + ۲۴ آدمی کہڑے ہین اور اوسمین چار چار صفین ہین اسلئے اس مربع سپاہیون کی تعداد (۲۴ + لا)² − (۲۴ + لا − ۸)² ہے پس لا² = ۴ [(۲۴ + لا)² − (۱۶ + لا)²] = ۴ (۴۰ + ۲لا) ۸
اسیواسطے لا² − ۶۴لا = ۱۲۸۰ پس اس مساوات کی قیمت جو مساوات مین سما سکتی ہے ۸۰ ہے

(۱۴۳) ۶لا² − لای − ۱۲ی² = ۰ مین ی = ن لا رکہو تو (۶ − ن − ۱۲ن²) لا² = ۰
ایک حل لا = ۰ مساوات سے تعلق نہین رکہہ سکتا پس ۶ − ن − ۱۲ن² = ۰ اسسے ن = ۳/۲ یا − ۴/۳ کو حاصل ہوگا ان دونو قیمتون کو دوسری مساوات مین مندرج کرو تو
ی = ۲لا/۳ اور ی = − ۳لا/۴

(۱۴۴) فرض کرو کہ ۲۰ سے بڑا کوئی عدد و ہے تو جب گاڑیون کی رفتار ۲۰ میل کی جگہہ و میل ہے تو آمدنی کی افزایش ع (و − ۲۰) اور خرچ کی افزایش ق (و − ۲۰)² ہے اسمین ع اور ق خاص مقادیر معینہ ہین پس فائدہ ع (و − ۲۰) − ق (و − ۲۰)² ہے اور یہہ فائدہ اوس حالت مین کہ و = ۴۰ ہو معدوم ہوجاتا ہے تو

۲۰ ع − ۴۰۰ ق = ۰ اسیواسطے ع = ۲۰ ق پس فائدہ
ق [۲۰ (و − ۲۰) − (و − ۲۰)²] یعنی ق [۶۰و − و² − ۸۰۰]
یعنی ق [۱۰۰ − (و − ۳۰)²] ہے اسی معلوم ہو کہ نفع اعظم جب ہوگا کہ و = ۳۰ ہو

(۱۴۵) ۱۳ کے اضعاف کو صنف (۱۳) سے تعبیر کرو تو

۱۰ = ۱۳ − ۳ اور ۱۰۰ = صنف (۱۳) − ۴ اور ۱۰۰۱ = صنف (۱۳) − ۱

۱۰^۲ = ۱۰ × ۱۰^۳ = صنف (۱۳) + ۳

۱۰^۵ = ۱۰^۲ × ۱۰^۳ = صنف (۱۳) + ۴

۱۰^۶ = ۱۰^۳ × ۱۰^۳ = صنف (۱۳) + ۱

۱۰^۷ = ۱۰ × ۱۰^۶ = صنف (۱۳) − ۳ .

اور علے ہذا القیاس

پس ع. + ۱۰ ع۱ + ۱۰^۲ ع۲ + ۱۰^۳ ع۳ + . . . = صنف (۱۳) + ع. − ع۳ + ع۶ − ع۹ . . .

۱۰ ع۱ + ۱۰^۴ ع۴ + ۱۰^۷ ع۷ + . . . = صنف (۱۳) − ۳ (ع۱ − ع۴ + ع۷ − . . .)

۱۰^۲ ع۲ + ۱۰^۵ ع۵ + ۱۰^۸ ع۸ + . . . = صنف (۱۳) − ۴ (ع۲ − ع۵ + ع۸ − . . .)

اس سے معلوم ہوا کہ عدد مفروض

= صنف (۱۳) + ع. − ع۳ + ع۶ − . . . − ۳ (ع۱ − ع۴ + ع۷ − . . .) − ۴ (ع۲ − ع۵ + ع۸ − . . .)

(۱۴۶) فرض کرو کہ ص = ا + ا ر + ا ر^۲ + . . . + ا ر^(ن−۱)

ص′ = ا − ا ر + ا ر^۲ + . . . + ا (−۱)^(ن−۱) ر^(ن−۱)

پس ص = ا (ر^ن − ۱)/(ر − ۱) اور ص′ = ا (۱ − (−ر)^ن)/(۱ + ر) = ا (۱ + ر^ن)/(۱ + ر) کیونکہ ن طاق ہے

اسی واسطے ص ص′ = ا^۲ (ر^۲ن − ۱)/(ر^۲ − ۱) اور یہ سلسلہ ا^۲ + ا^۲ ر^۲ + ا^۲ ر^۴ + . . .

کی ن رقموں کا مجموعہ ہے

(۱۴۷) خطوط مستقیم کو اعداد ۱ و ۲ و ۳ . . . ن سے تعبیر کرو اور ان نقاط تقاطع کا مجموعہ سطح بناؤ کہ ۱ و ۲ کا تقاطع اور ۲ و ۳ کا تقاطع . . . ن − ۱ اور ن کا تقاطع اور ن اور ۱ کا تقاطع پس ہر ایک خط پر صرف دو نقطے ہونگے اور ہمکو دو ہی نقطے ایک خط پر مقرر کرنی چاہئیں اسلئے کہ اور طرح سے ایک خط مستقیم پر یا خطوط مستقیم پر دو سے زیادہ نقطے مقرر ہو جائینگے پس ہمکو اس سے معلوم ہوا کہ اس مثال کا حال ایسا ہی ہے جیسا کہ باب ۳۴ کی ۱۲ مثال کا تنہا

(۱۴۸) ۴^{۱/۸} = ۲^{۲/۸} اور ۸^{۱/۱۶} = ۲^{۳/۱۶} اور ۱۶^{۱/۳۲} = ۲^{۴/۳۲} ... پس
جملہ مفروضہ برابر ۲ کے اوس قوت کے جو ۱/۴ + ۲/۸ + ۳/۱۶ + ۴/۳۲ + ... سے
تعبیر ہوتی ہے یعنی ۱/۴ (۱ − ۱/۲)^{-۲} سے یعنے ۱ سے

(۱۴۹) دفعہ ۵۲۹ کے موافق ہمکو یہہ حاصل ہے کہ
ق + ۲ر + ۳ص + ۴ط = ۴ اور ع + ق + ر + ص + ط = −۳

پس س ر

ع	ق	ر	ص	ط
−۴	۰	۰	۰	۱
−۵	۱	۰	۱	۰
−۵	۰	۲	۰	۰
−۶	۲	۱	۰	۰
−۷	۴	۰	۰	۰

(−۳)(−۴)(−۳) + (−۱)(−۳)
+ (−۴)(−۳)/|۲ (−۱)^۲
+ (−۵)(−۴)(−۳)/|۲ (−۱) +
+ (−۶)(−۵)(−۴)(−۳)/|۴

پس ۳ − ۳۶ + ۶ + ۳۰ + ۱۵ یعنے ۱۸

(۱۵۰) فرض کرو کہ اساس ا و ا ر و ا ر^۲ ... ا ر^{ن−۱} ہوا ور مقادیر
ط. و ط۱ و ط۲ ... ط ن−۱ ہوں اور لوکارثم مشترک لا ہو تو
ط. = ا^لا اور ط۱ = (ا ر)^لا اور ط۲ = (ا ر^۲)^لا اور ط۳ = (ا ر^۳)^لا ...
پس نسبت ط۲ کی ط۱ کے ساتھہ ر^لا ہے یعنی لا لوکارثم نسبت کی موافق اساس ر کی ہے

(۱۵۱) ۳ − ۱۱/(۱+۲لا) + ۳ − ۱۲/(۱+۳لا) = ۳ − ۱۳/(۳+۲لا) + ۳ − ۳/(۱−لا)
اسواسطے
۱۳/(۳+۲لا) − ۱۱/(۱+۲لا) = ۱۲/(۱+۳لا) − ۳/(۱−لا)
اسواسطے
(۲۰ − ۴لا)/((۱+۲لا)(۳+۲لا)) = (۱۵ − ۳لا)/((۱−لا)(۱+۳لا))
پس (۱+۲لا)(۳+۲لا)۳ = (۱−لا)(۱+۳لا) یا ۴ پس کیا لا = ۵

اب دوسری مساوات کا اختصار یہہ ہے کہ ۲لا^۲ + ۳لا + ۱۳ = ۰

(۱۵۲) دفعہ ۲۳۴ میں مثال کے پہلے حصہ کا ذکر ہو چکا ہے – اب یہہ ظاہر ہے کہ مساوات کے

بشرائط لا = ا اور لا = ب اور لا = ح سے پوری ہوتی ہین پس مساوات متطابقہ ہونی چاہئے اور یہہ بات اگر مساوات کے داہئین طرف کے ارقام کو مفرد اور مختصر بناؤ تو ظاہر ہوجائیگی

(۱۵۳) تقسیم کرنے سے $\frac{لا (لا^۲ + ی^۲)}{ی^۲ (لا^۲ - ی^۲)}$ = ۶ اسمین ی = ن لا رکہو تو ۱ + ن^۲ = ۶ (۱ - ن^۲) ن^۲

اسے معلوم ہوا کہ ن^۲ = $\frac{۱}{۲}$ یا $\frac{۱}{۳}$ اور اول مساوات معلوم سے لا^۲ (۱ + ن^۲) = ۹ ن

(۱۵۴) فرض کرو کہ گہنٹہ مین لا فیصدی تانبا تہا تو ۱۰۰ - لا فی صدی قلعی ہوگی اور جو ڈہیر گلایا گیا اوسمین ی فیصدی برنج تہا اسیواسطی ۱۰۰ - ی فیصدی گہنٹہ کا مادہ ہوگا پس اب اس گلے ہوئے مادے مین تانبے اور برنج اور قلعی کی مقدار پر علیحدہ علیحدہ خیال کرین تو یہہ مساواتین حاصل ہونگی

$$\frac{لا}{۱۰۰} \cdot \frac{۱۰۰ - ی}{۱۰۰} + \frac{۹۱}{۱۰۰} \cdot \frac{ی}{۱۰۰} = \frac{۸۸}{۱۰۰}$$

$$\frac{ی}{۱۰۰} \cdot \frac{۶}{۱۰۰} = \frac{۴}{۱۰۰}$$

$$\frac{۱۰۰ - لا}{۱۰۰} \cdot \frac{۱۰۰ - ی}{۱۰۰} + \frac{۳}{۱۰۰} \cdot \frac{ی}{۱۰۰} = \frac{۸}{۱۰۰}$$

ان مساواتون مین سے دو سے تیسری مساوات پیدا ہوتی ہے اسواسطی کہ تینون مساواتون کے جمع کرنے سے ہم کو ایک مساوات متطابقہ حاصل ہوتی ہے دوسری مساوات سے ی = ۶۶ $\frac{۲}{۳}$ حاصل ہوتا ہے اول مساوات مین اوسکی مندرج کرنے سے لا = ۷۵ حاصل ہوتا ہے

(۱۵۵) فرض کرو کہ اول ن طبعی اعداد مین سے دو دو کے حاصل ضربون کا مجموعہ ع ہے تو بموجب دفعہ ۲۲۵ کے ہم کو یہہ حاصل ہے کہ

$$(۱ + ۲ + ۳ + \cdots + ن)^۲ = ۱^۲ + ۲^۲ + ۳^۲ + \cdots + ن^۲ + ۲ ع$$

یعنی

$$\left[\frac{ن (ن + ۱)}{۲}\right]^۲ = \frac{ن (ن + ۱) (۲ ن + ۱)}{۶} + ۲ ع$$

اسے معلوم ہوا کہ

$$ع = \frac{ن^۲ (ن + ۱)^۲}{۸} - \frac{ن (ن + ۱) (۲ ن + ۱)}{۱۲}$$

$$= \frac{ن (ن + ۱)}{۲۴} \left[۳ ن (ن + ۱) - ۲ (۲ ن + ۱) \right]$$

= (ن − ۱) ن (ن + ۱) (۳ن + ۲) / ۲۴

(۱۵۶) فرض کرو کہ اول اعداد جو مفروض کئی گئی ہیں ۱ اور ۱ ر اور ۱ ر۲ اور ۱۱ ہیں تو اس سبب سے کہ آخرین اعداد سلسلہ موسیقیہ میں ہیں ۱/۱ر − ۱/۱ = ۱/۱ر۲ − ۱/۱ر پس ۱۱ = ۱ ر۲ / (۲ − ر)
اب فرض کرو کہ دوبارہ ۵ اعداد مفروض کئے گئے ہیں ۱ اور ۱ ر اور ی اور ی ہیں تو موافق سابق کے ی = ۱ ر / (۲ − ر) اور ۱ ر ی = ی۲ پس ی = ۱ ر / ۲(۲ − ر) پس ہمکو یہہ ثابت کرنا ہے کہ ۱ ر۲ / (۲ − ر) چھوٹا ۱ ر / ۲(۲ − ر) یعنے ر (۲ − ر) چھوٹا ۱ سے ہے یہہ ظاہر ہے اسواسطے کہ
۱ − ر (۲ − ر) = (۱ − ر)۲

(۱۵۷) اگر اس سوال میں یہہ قید نہ ہوتی کہ سبز و نیلی سلاخین پاس پاس نہ رہیں تو کل ترتیبین لۓ ہوتیں اب ہمکو وہ صورتیں اسمین سے نکال ڈالنی چاہئیں جنمیں سبز و نیلی سلاخین پاس پاس آئینگی اب لۓ ایسی صورتین ہیں جنمیں نیلی سلاخ پہلی سبز سلاخ سے آگے آئیگی اور لۓ ایسی صورتین ہیں کہ جنمیں سبز سلاخ پہلی نیلی سلاخ سے آئیگی پس تعداد مطلوب لۓ − ۲ لۓ ہے

(۱۵۸) فرض کرو کہ (۵ √۲ + ۷)م = ن + سہ اب (۵ √۲ + ۷) (۵ √۲ − ۷) = ۵۰ − ۴۹ = ۱
اسے معلوم ہوا کہ ۵ √۲ − ۷ ایک مثبت کسر واجب ہے اسیواسطے (۵ √۲ − ۷)م
ایک مثبت کسر ہے اور وہ برابر سہ کے ہونی چاہئے کیونکہ (۵ √۲ + ۷)م − (۵ √۲ − ۷)م
ظاہرا ایک صحیح ہے اسی معلوم ہوا کہ سہ (ن + سہ) = (۵ √۲ − ۷)م (۵ √۲ + ۷)م
= (۵۰ − ۴۹)م = ۱

(۱۵۹) دفعہ ۵۲۹ کی طرح سے ہمکو یہہ حاصل ہے کہ
ق + ۲ ر + ۳ ص + ۴ ط = ۴ اور ع + ق + ر + ص + ط = − ۳/۲

ع	ق	ر	ص	ط
− ۵/۲	۰	۰	۰	۱
− ۷/۲	۱	۰	۱	۰
− ۷/۲	۰	۲	۰	۰
− ۹/۲	۲	۱	۰	۰
− ۱۱/۲	۴	۰	۰	۰

پس سہ = − ۳/۲ × ۵ + (− ۳/۲) (− ۵/۲) (− ۲) (− ۴)
+ ۳ (− ۳/۲)(− ۵/۲) / ۲! + (− ۳/۲)(− ۵/۲)(− ۷/۲) / ۳! (− ۲)۲ × ۳
+ (− ۳/۲)(− ۵/۲)(− ۷/۲)(− ۹/۲) / ۴! (− ۲)۴

یعنی $-\frac{15}{2}+30+\frac{135}{8}-\frac{315}{4}+\frac{315}{8}$ یعنے صفر

اب ہم اس نتیجہ کو آسانی سے ثابت بھی کر سکتے ہین کہ

$(1+\text{لا})^{-2} = 1-2\text{لا}+3\text{لا}^2-4\text{لا}^3+\dots$ پس ہم کو $\left[(1+\text{لا})^{-2}\right]^{-\frac{3}{2}}$ مین

لا⁴ کا سر دریافت کرنا ہے یعنی $(1+\text{لا})^3$ مین اور یہہ ظاہر ہے کہ اسمین لا⁴ کا سر صفر ہے

(۱۶۰) فرض کرو کہ آغاز ماہ مین آبادی ع ہے تو مہینے کے آخر مین آبادی $\text{ع}+\frac{\text{ع}}{480}-\frac{\text{ع}}{600}$

یعنی $\text{ع}+\frac{5\text{ع}}{2400}-\frac{4\text{ع}}{2400}$ یعنے $\frac{2401}{2400}$ ع ہوگی اور اسی طرح سے

دوسرے مہینے کے آخر مین آبادی $\frac{2401}{2400}\times\frac{2401}{2400}$ ع یعنے $\left(\frac{2401}{2400}\right)^2$ ع ہوگی

اور علے ہذا القیاس ن مہینے کے آخر مین آبادی $\left(\frac{2401}{2400}\right)^{\text{ن}}$ ع ہوگی اب

فرض کرو کہ ن مہینہ مین آبادی دوگنی ہوگی تو

$\left(\frac{2401}{2400}\right)^{\text{ن}}\text{ع} = 2\text{ع}$ اسیواسطی $\left(\frac{2401}{2400}\right)^{\text{ن}} = 2$ طرفین مساوات کی لوگارثم

لو تو ن لوگ $\frac{2401}{2400}$ = لوگ ۲ یعنی ن لوگ (۲۴۰۱ − لوگ ۲۴۰۰) = لوگ ۲

یعنی ن [لوگ ۷⁴ − لوگ (۳ × ۲³ × ۱۰۰)] = لوگ ۲

اسیواسطی $\text{ن} = \frac{\text{لوگ } 2}{4\,\text{لوگ } 7-\text{لوگ } 3-3\,\text{لوگ } 2-2} = \frac{.30103000}{.0001807} = 1666$ تقریباً

(۱۶۱) یہان $\text{لا}^4+1 = 2(\text{لا}^4+4\text{لا}^3+6\text{لا}^2+4\text{لا}+1)$ اسیواسطی انتقال ارقام سے

$\text{لا}^4+8\text{لا}^3+12\text{لا}^2+8\text{لا}+1=0$ تقسیم لا² پر کرو تو $\text{لا}^2+\frac{1}{\text{لا}^2}+8\left(\text{لا}+\frac{1}{\text{لا}}\right)+12=0$

یعنی $\left(\text{لا}+\frac{1}{\text{لا}}\right)^2+8\left(\text{لا}+\frac{1}{\text{لا}}\right)+10=0$ پس اس مساوات درجہ دوم کو حل کرکے ہم

$\text{لا}+\frac{1}{\text{لا}} = -4\pm\sqrt{6}$ حاصل کرینگے اور اسسے لا دریافت کرینگے

(۱۶۲) فرض کرو کہ اول دوڑ مین زید لا میل فی گھنٹہ کی رفتار سے اور بکر ی میل فی گھنٹہ

کی رفتار سے چلا تو $\frac{2}{\text{لا}}-\frac{2}{\text{ی}}=\frac{2}{60}$ اور $\frac{2}{\text{ی}-2}-\frac{2}{\text{لا}+2}=\frac{2}{60}$ اسیواسطی

$60(\text{لا}-\text{ی}) = \text{لا}\,\text{ی}$ اور $60(\text{لا}-\text{ی}+4) = (\text{ی}-2)(\text{لا}+2)$ تفریق کرو تو

$120(\text{لا}-\text{ی}+2) = -2(\text{لا}-\text{ی}+2)$ اسیواسطی $\text{لا}-\text{ی}+2=0$

(۱۶۳) دوسری مساوات کو سادہ بناؤ تو ۲ لا ی + ۴ ی = ۰ اسیواسطی کیا ی = ۰ یا لا = −۲
مساوات اول مین ی = ۰ کو مندرج کرو تو ی = ۱۹/۲ حاصل ہوگا

(۱۶۴) دفعہ ۳۸۴ کے موافق ہم کو یہہ حاصل ہوگا کہ
(لا + ی + ے) / (لا + ی + ۱ + ے + لا + لا + ی − ۱) = لا + ی + ے یعنی (لا + ی + ے) / ۲ (لا + ی + ے) = لا + ی + ے
پس کیا تو لا + ی + ے = ۰ یا لا + ی + ے = ۱/۲ اگر اول مساوات کو لین تو
لا = ۰ اور ی = ۰ اور ے = ۰ ۔ اگر دوسری مساوات کو لین تو ہمکو لا = ۱/۲ (ی + ے + ۱)
ی = ۱/۲ (ے + لا) اور ے = ۱/۲ (لا + ی − ۱) اسسے یہہ حاصل ہوتا ہے کہ
لا = ۱/۲ اور ی = ۱/۴ اور ے = −۱/۴

(۱۶۵) ۱۰۱ کے اضعاف کو ضف (۱۰۱) سے تعبیر کرو تو
۱۰ = ۱۰۱ − ۱ اور ۱۰^۲ = ضف (۱۰۱) − ۱۰۰ اور ۱۰^۴ = ضف (۱۰۱) + ۱
اور ۱۰^۵ = ضف (۱۰۱) + ۱۰ اور علے ہذا القیاس پس
ع۰ + ۱۰ ع۱ + ۱۰^۲ ع۲ + ۱۰^۳ ع۳ + ...
= ضف (۱۰۱) + ع۰ + ۱۰ ع۱ − ع۲ − ۱۰ ع۳ + ع۴ + ۱۰ ع۵ − ...

(۱۶۶) ہمکو حاصل ہے کہ ا = (ب + ج)/۲ اور ج = ۲ ا ب/(ا + ب) اسیواسطی ج (ا + ب) = (ب + ج) ب
اسیواسطی ا ج = ب^۲ اور ۲ ا = ب + ج = ب + ۲ ا ب/(ا + ب) اسیواسطی
(۲ ا − ب)(ا + ب) = ۲ ا ب اسیواسطی ب^۲ + ب ا − ۲ ا^۲ = ۰ اسیواسطی
ب = ا یعنی −۲ ا اگر ب = ا تو ج = ا اگر ب = −۲ ا تو ج = ۴ ا

(۱۶۷) اول حلون کے مجموعہ مین سے دو خطوط مستقیم لو تو اور باقی دو مجموعون مین سے ایک خط مستقیم
تو کل مثلث ان خطوط سے م(م − ۱)/۲ (ن + ع) مثلث پیدا ہونگے اور اسیطرح اگر دوسرے
مجموعہ مین سے دو خط مستقیم لین اور باقی دو مجموعون مین سے ایک ایک اور ایسی ہی تیسرے
مجموعہ مین سے دو خط مستقیم اور باقی مجموعون مین سے ایک ایک خط مستقیم اور پہر آخر کو

ہر مجموعہ مین سے ایک خط مستقیم ہو تو م ن ع مثلث پیدا ہونگے

(۱۶۸) $(۱-لا)^{-۲}(۱-لا)^{ن} = (۱-لا)^{ن-۲}$ ہر طرف کو پھیلاؤ اور $لا^{ر-۱}$ کے سر کو منتخب کرو

اب دائین طرف ہم سر اس حاصل ضرب سے دریافت کرتے ہین کہ

$$\left[۱+۲لا+۳لا^۲+\cdots+(ر+۱)لا^ر+\cdots\right]\left[۱-ن لا+\frac{ن(ن-۱)}{۲}لا^۲+\cdots\right]$$

اب یہان یہہ امر آسانی سے معلوم ہوتا ہے کہ سر وہی ہے جو مقدار $ا_ر$ سے تعبیر کیا گیا ہے

پس $ا_ر$ برابر $لا^{ر-۱}$ کے سر کے صورت مفصلہ $(۱-لا)^{ن-۲}$ مین ہونا چاہیئے اسے ثابت

ہوا کہ $ا_ر = ۰$ اگر ر-۱ بڑا ن-۲ سے ہو اور $ا_ر=(-۱)^{ن-۲}=(-۱)^ن$ اگر ر-۱=ن-۲

اور اگر ر-۱ چھوٹا ن-۲ سے ہو تو موجب دفعہ ۵۰۸ کے یہہ حاصل ہوگا کہ

$$ا_ر = (-۱)^{ن-۲}\ ا_{ن-ر}$$

(۱۶۹) دفعہ ۵۲۹ کی طرح ہم کو یہہ حاصل ہے کہ

$$ق+۲ر+۴ط=۶ \quad \text{اور} \quad ع+ق+ر+ط=\frac{۷}{۳}$$

$$\text{سر} \ \frac{۷}{۳}\cdot\frac{۴}{۳}(-۱)(-۳)+\frac{\frac{۷}{۳}\cdot\frac{۴}{۳}\cdot\frac{۱}{۳}}{۲}(-۱)^۲+\frac{\frac{۷}{۳}\cdot\frac{۴}{۳}\cdot\frac{۱}{۳}}{۲}(-۳)^۲$$

$$+\frac{\frac{۷}{۳}\cdot\frac{۴}{۳}\cdot\frac{۱}{۳}(-\frac{۲}{۳})}{۲\ \ ۲}\ ۴\ (-۳)^۲$$

$$+\frac{\frac{۷}{۳}\cdot\frac{۴}{۳}\cdot\frac{۱}{۳}(-\frac{۲}{۳})(-\frac{۵}{۳})}{۲۴}\ ۴\ (-۳)$$

$$+\frac{\frac{۷}{۳}\cdot\frac{۴}{۳}\cdot\frac{۱}{۳}(-\frac{۲}{۳})(-\frac{۵}{۳})(-\frac{۸}{۳})}{۶}\ ۲$$

ع	ق	ر	ط
$\frac{۱}{۳}$	۰	۱	۱
$-\frac{۲}{۳}$	۲	۰	۱
$-\frac{۲}{۳}$	۰	۳	۰
$-\frac{۵}{۳}$	۲	۲	۰
$-\frac{۸}{۳}$	۴	۱	۰
$-\frac{۱۱}{۳}$	۶	۰	۰

یعنی $\frac{۲۸}{۳}-\frac{۵۶}{۹}-\frac{۱۴}{۳}-\frac{۵۶}{۲۷}-\frac{۴\times۵\times۷}{۲}-\frac{۲\times۷}{۳}$ یعنی $-\frac{۲۶}{۳}$ ۴۰۶.

(۱۷۰) فرض کرو کہ لوگارثم مطلوب کو لا تعبیر کرتا ہے تو $(۲۵)^{لا}=۵۰$ یعنے $۵^{۲لا}=۵۰$

یعنی $(\frac{۱۰}{۲})^{۲لا}=\frac{۱۰۰}{۲}$ اب لوگارثم موافق اساس ۱۰ کے لو تو ۲لا(لوگ ۱۰ - لوگ ۲)

= لوگ ۱۰۰ - لوگ ۲ پس $لا=\frac{۲-لوگ ۲}{۲(۱-لوگ ۲)}=\frac{۱٫۶۹۸۹۷}{۲\times ۰٫۶۹۸۹۷}=۱٫۲۱۵۳۴$

(۱۷۱) $لا+لا^{-۱}=(لا^{\frac{۱}{۲}}-۱+لا^{-\frac{۱}{۲}})(لا^{\frac{۱}{۲}}+لا^{-\frac{۱}{۲}})$ پس اس سے معلوم ہوا کہ

کیاتو لا^{۱/۲} + لا^{-۱/۲} = ۰ یا = ۵/۲ (لا^{۱/۲} − ۱ + لا^{-۱/۲}) اور اس سے لا^{۱/۲} + ۱ = ۰ ہوتا ہے پس لا = (−۱)^۲ = ۱ اور دوسری سے لا^{۱/۲} − ۱ + لا^{-۱/۲} = ۳/۲ پس لا^{۱/۲} − ۱۷/۴ لا^{۱/۴} + ۱ = ۰ اسی سے یہہ حاصل ہوتا ہے

لا^{۱/۴} = ۴ یا ۱/۴ اسیواسطے لا = ۴^{۴/۳} یا (۱/۴)^{۴/۳} = ± ۸ یا ∓ ۱/۸

(۱۷۲) (سہ + صہ)^۲ = ب^۲/ا^۲ اور (سہ − صہ)^۲ = (سہ + صہ)^۲ − ۴ سہ صہ = ب^۲/ا^۲ − ۴ج/ا

اسسے معلوم ہوا کہ مساوات مطلوبہ یہہ ہے کہ

لا^۲ − (۲ب^۲/ا^۲ − ۴ج/ا) لا + ب^۲/ا^۲ (ب^۲/ا^۲ − ۴ج/ا) = ۰

(۱۷۳) ۶۴ (لا^۲ − ء^۲) = (لا + ۹ء)^۲ اسیواسطے ۱۴۵ ء^۲ + ۱۸ لا ء − ۶۳ لا^۲ = ۰

اب ء = ن لا رکہو تو ۱۴۵ ن^۲ + ۱۸ ن − ۶۳ = ۰ اسسے یہہ حاصل ہوتا ہے کہ

ن = ۳/۵ یا − ۲۱/۲۹ دوسری مساوات معلوم کو اس طرح لکہہ سکتے ہین کہ

(لا^۲ − لا + ء)^۲ − (لا^۲ − لا + ء) = ۵۰۶ اس مساوات درجہ دوم سے ہم کو یہہ حاصل

ہوتا ہے کہ لا^۲ − لا + ء = ۲۳ یا − ۲۲ ان مساواتون مین متواتر ء = ۳لا/۵ اور ء = − ۲۱/۲۹ لا رکہو

(۱۷۴) فرض کرو کہ کہیت کی گہاس کو موہن لا دنون مین اور سوہن ء دنون مین اور رادہا ی دنون مین کاٹتا ہے اب چونکہ کل کہیت کی گہاس اسطرح کٹ چکی ہے کہ موہن نے بارہ دن اور سوہن نے بارہ دن اور رادہا نے ۶ دن کام کیا ہے تو

۱۲/لا + ۱۲/ء + ۶/ی = ۱ اور لا/ء = ۲/۳ اور چونکہ موہن اور رادہا ایک دن مین (۱/لا + ۱/ی) حصے کہیت کی کاٹتے ہین تو وہ کل کہیت کی گہاس کو لا ی/(لا + ی) دنونمین کاٹینگے اور علے ہذالقیاس سوہن اور رادہا ملکر کل کہیت کی گہاس کو

ء ی/(ء + ی) دنون مین کاٹین گے اسیواسطے لا ی/(لا + ی) : ء ی/(ء + ی) :: ۷ : ۸

پس ۸ لا ی/(لا + ی) = ۷ ء ی/(ء + ی) اسمین ء کی جگہہ ۳لا/۲ مندرج کرو اور مساوات کو مختصر کرو تو

۳ لا = ۵ ی حاصل ہوگا اب ء اور ی کی قیمتین مساوات اول مین مندرج کرو تو

یہہ حاصل ہوگا کہ لا = ۳۰ اور ء = ۴۵ اور ی = ۱۸ اسیواسطے ۱/لا + ۱/ء + ۱/ی = ۱/۹

پس اگر وہ سب ملکر کام کرتے تو ایک دن مین $\frac{۱}{۹}$ حصہ کہیت کا کاٹتے
اسواسطے کل کہیت کو ۹ دن مین کاٹینگے

(۱۷۵) دفعہ ۳۴۴ کی ترکیب سی ہم ثابت کر سکتے ہین کہ اگر ہمارے پاس ان اوزان مین سے ا چھٹانک ۵ چھٹانک $۵^{۲}$ چھٹانک $۵^{۳}$ چھٹانک $۵^{۴}$ چھٹانک . . . مین دو دو ہون تو ہم جتنی چھٹانک کی وزن کو چاہین تو تول سکتے ہین ـ پس اب اگر ہم یہہ چاہتے ہین کہ ۳۱۲ چھٹانک سے زیادہ وزن کو نہ تولین تو ہم کو کوئی وزن $۵^{۳}$ کے دو وزنون سے زیادہ نہین چاہئے اسواسطے جو کم سے کم وزن $۵^{۴}$ وزن تولنے کے لئے چاہیے وہ $۵^{۴}-۲\times۵^{۳}-۲\times۵^{۲}-۲\times۵-۲$ یعنے ۳۱۳ چھٹانک

(۱۷۶) فرض کرو کہ اعداد ا اور ار اور ا $ر^{۲}$ اور ا $ر^{۳}$ ہین تو ا $(۱+ر+ر^{۲}+ر^{۳})=۱۵$ اور $ا^{۲}(۱+ر^{۲}+ر^{۴}+ر^{۶})=۸۵$ یعنی ا $(۱+ر)(۱+ر^{۲})=۱۵$ اور $ا^{۲}(۱+ر^{۲})(۱+ر^{۴})=۸۵$ اول مساوات کو مجذور کرو اور دوسری مساوات پر تقسیم کرو تو $\frac{(۱+ر)^{۲}(۱+ر^{۲})}{۱+ر^{۴}}=\frac{۴۵}{۱۷}$ اسیواسطے

$۱۷(۱+۲ر+۲ر^{۲}+۲ر^{۳}+ر^{۴})=۴۵(۱+ر^{۴})$ اسیواسطی

$۲۸(۱+ر^{۴})-۳۴(ر+ر^{۳})-۳۴ر^{۲}=۰$

$ر^{۲}$ پر تقسیم کرو تو $۲۸(ر^{۲}+\frac{۱}{ر^{۲}})-۳۴(ر+\frac{۱}{ر})-۳۴=۰$

اسیواسطی $۲۸(ر+\frac{۱}{ر})^{۲}-۳۴(ر+\frac{۱}{ر})-۹۰=۰$

اسیواسطی $ر+\frac{۱}{ر}=\frac{۵}{۲}$ یعنے $-\frac{۹}{۷}$ دوسری مساوات سے ر کے ناممکن قیمتین حاصل ہوتی ہین اور پہلی مساوات سے ر = ۲ یا $\frac{۱}{۲}$ ان مین سے کوئی قیمت لین او سے معلوم ہوگا کہ اعداد مطلوب ا و ۲ و ۴ و ۸ ہین

(۱۷۷) فرض کرو کہ ع آدمی جسطرف بیٹھنا چاہتے تہے بیٹھ گئے تو اسطرف ن ـ ع نشستین بیٹھنے کے لئے خالی رہین تو وہ ۲ ان ـ ع ـ ق آدمیون سے بہری جا سکتی ہین جو سرا کے طرف

بیٹھہ سکتے ہین پس ن − ع آدمی $\frac{|\underline{2ن-ع-ق}}{|\underline{ن-ع}\ |\underline{ن-ق}}$ طورون سے بیٹھہ سکتے ہین اب باقی آدمی دوسری طرف بیٹھینگے اور $|\underline{ن}$ ترتیبین ہر ایک طرف آدمیون کے بیٹھنے کی ہوسکتی ہین

پس کل طور بیٹھنے کے $\frac{|\underline{ن}\ |\underline{ن}\ |\underline{2ن-ع-ق}}{|\underline{ن-ع}\ |\underline{ن-ق}}$ ہوسکتی ہین

(۱۷۸) $\frac{1}{9ی^2+16لای+3لا^2} = \frac{13ی-2لا}{27ی^3-8لا^3}$ پس ہم کو $لا^{ر}$ کا سر $\frac{13ی-2لا}{27ی^3}\left(1-\frac{8لا}{27ی}\right)^{-1}$ کی صورت مفصلہ مین دریافت کرنا ہے اور یہہ سر $\frac{13}{27ی}\left(\frac{8}{27ی}\right)^{ر}$ ہے

(۱۷۹) فرض کرو کہ (س ن) $\frac{1}{ن}$ چھوٹا ک سے ہے تو س چھوٹا ک ن سے ہوا اسی ثابت ہوا کہ ایک خاص رقم کے ماقبل اور مابعدی سلسلہ اوس سلسلہ ہندسیہ سے کم ہے جو اوس رقم سے شروع ہوتا ہے اور جسکی نسبت مشترک ک ہے اسیواسطے اگر ک چھوٹا واحد سے ہو تو سلسلہ انضمامی ہے

(۱۸۰) $\left(1+\frac{1}{ن}\right)^{ن} = \left(\frac{ن+1}{ن}\right)^{ن} = \left(1-\frac{1}{ن+1}\right)^{-ن}$

لوگ $\left(1-\frac{1}{ن+1}\right)^{-ن} = ن\left[\frac{1}{ن+1}+\frac{1}{2(ن+1)^2}+\frac{1}{3(ن+1)^3}+\cdots\right]$

$= (ن+1)\left[\frac{1}{ن+1}+\frac{1}{2(ن+1)^2}+\frac{1}{3(ن+1)^3}+\cdots\right]$

$-\left[\frac{1}{ن+1}+\frac{1}{2(ن+1)^2}+\frac{1}{3(ن+1)^3}+\cdots\right]$

$= 1+\frac{1}{2(ن+1)}+\frac{1}{3(ن+1)^2}+\frac{1}{4(ن+1)^3}+\cdots$

$-\left[\frac{1}{ن+1}+\frac{1}{2(ن+1)^2}+\frac{1}{3(ن+1)^3}+\cdots\right]$

$= 1-\frac{1}{2(ن+1)}-\frac{1}{2\times3(ن+1)^2}-\frac{1}{3\times4(ن+1)^3}-\cdots$

اب ہم دیکھتے ہین کہ جیسا ن زیادہ ہوتا ہے ایسا ہی لوگارثم زیادہ ہوتا ہے اسیواسطے $\left(1+\frac{1}{ن}\right)^{ن}$ زیادہ ن کے ساتھہ ہوتا ہے

(۱۸۱) یہہ ظاہر ہے کہ مساوات کے ایک قیمت لا = ۱ ہے اور مساوات کو ہم اس طرح

لکھہ سکتے ہین کہ ۹ لا۲ - ۱ = ۴ لا۲ (۳ لا - ۱) یعنی (۳ لا - ۱) (۳ لا + ۱) = ۴ لا۲ (۳ لا - ۱)
پس مساوات کی دوسری قیمت ۳ لا - ۱ = ۰ پس اگر مساوات کی سب رقمون کو ایک طرف
لے آئین تو تغیر باقی مساوات (لا - ۱) (۳ لا - ۱) پر تقسیم ہوگی دفعہ ۳۲۲ دیکہو اور
امتحان سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ مساوات اسطرح لکہی جاسکتی ہے کہ
(لا - ۱) (۳ لا - ۱) (۲ لا + ۱)۲ = ۰ پس مساوات کی قیمتین ۱ و $\frac{۱}{۳}$ و $-\frac{۱}{۲}$ ہین

(۱۸۲) فرض کرو کہ اول تقسیم کے وقت زید و بکر و عمر کی عمرین ا و ا ر اور ا ر۲
تہین اور لا روپیہ او نہین تقسیم ہوا تہا تو اول دفعہ مین زید کو $\frac{ا لا}{ا + ا ر + ا ر۲}$ ہاتہہ
آیا تہا اور دوسری دفعہ مین اوسکو $\frac{(ا + ۵) لا}{ا + ۵ + ا ر + ۵ + ا ر۲ + ۵}$ روپیہ ہاتہہ آیا
پس $\left[\frac{ا}{ا (۱ + ر + ر۲)} - \frac{ا + ۵}{ا (۱ + ر + ر۲) + ۱۵}\right]$ لا = ۱۷ $\frac{۱}{۲}$ اور علیٰ ہذا القیاس
اور ا ر۲ + ۵ = ۲ (ا + ۵) اسیواسطی ا (ر۲ - ۲) = ۵ اول مساوات
کو دوسری مساوات پر تقسیم کرو $\frac{۵ (۱ + ر + ر۲) - ۱۵}{۵ (۱ + ر + ر۲) - ۱۵}$ = ۷ پس $\frac{ر۲ + ر - ۲}{ر۲ - ۲ ر + ۱}$ = ۷
یعنی $\frac{(ر + ۲) (ر - ۱)}{(ر - ۱)^۲}$ = ۷ اسسے معلوم ہوا $\frac{ر + ۲}{ر - ۱}$ = ۷ اور اسیواسطے ر = $\frac{۳}{۲}$
اسیواسطی ا = ۲۰ اور اسسے لا = ۱۰۴۵ حاصل ہوتا ہے
اسیواسطے ا = ۲۰ اور اسسے ہم لا = ۱۰۴۵ حاصل ہوتا ہے

(۱۸۳) لا + ی - (لا ی)$^{\frac{۱}{۲}}$ = ۶۱ اور لا$^{\frac{۱}{۲}}$ ی$^{\frac{۱}{۲}}$ (لا$^{\frac{۱}{۲}}$ + ی$^{\frac{۱}{۲}}$) = ۷۸ اسیواسطے
(لا$^{\frac{۱}{۲}}$ + ی$^{\frac{۱}{۲}}$)۲ = $\frac{(۷۸)^۲}{لا ی}$ اس مساوات مین سے تفریق کرو تو یہہ حاصل ہوگا کہ
۳ (لا ی)$^{\frac{۱}{۲}}$ = $\frac{(۷۸)^۲}{(لا ی)}$ - ۶۱ اور اس مساوات درجہ دوم سے یہہ حاصل ہوتا ہے کہ
(لا ی)$^{\frac{۱}{۲}}$ = ۳۶ یا - $\frac{۱۶۹}{۳}$ دوسری مساوات سے ناممکن قیمتین حاصل ہوتی ہین اسلئے
پہلی مساوات کو اول مساوات کے ساتہہ شامل کرکے یہہ حاصل کرو کہ
لا = ۸۱ و ۱۶ اور ی = ۱۶ و ۸۱

(۱۸۴) لا = ح ی + ب ی = ح ی + ب (ب لا + ا ی) اسیواسطی

لا(۱ - ب^۲) = ی(ح + اب) اور پھر ہ = ای + ح لا = ا(ب لا + ای) + ح لا

اسواسطے ی(۱ - ا^۲) = لا(ح + اب) ضرب چلیپا لگاؤ تو لا^۲(۱ - ب^۲) = ی^۲(۱ - ا^۲)

اسواسطے لا^۲/(۱ - ا^۲) = ی^۲/(۱ - ب^۲) اور اسی طرح ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ ان کسور میں سے

ہر ایک = ی^۲/(۱ - ح^۲) اور پہلے دو نتیجوں کو آپس میں ضرب دینے سے ہم کو یہہ حاصل ہوگا کہ

لا ی(۱ - ا^۲)(۱ - ب^۲) = لا ی(ح + اب)^۲ اسواسطے (۱ - ا^۲)(۱ - ب^۲) = (ح + اب)^۲

اسواسطے ۱ = ا^۲ + ب^۲ + ح^۲ + ۲ اب ح

(۱۸۵) فرض کرو کہ کسی عدد کا اول مرتبہ ا ہے تو اس عدد کا مکعب برابر ا^۳ مع بعض اضعاف قسطاس کے ہوگا پس اس عدد کے مکعب کے اول وہی ہندسہ ہوگا جو ا^۳ کے اول ہندسہ ہوگا اب فرض کرو کہ قسطاس عددی ۹ ہے تو ۳^۳ و ۶^۳ و ۹^۳ کے اول ۰ ہے پس اول ہندسہ ۰ یا ۱ یا ۸ ہوگا

(۱۸۶) بموجب دفعہ ۲۷ کے ہم کو یہہ حاصل ہے کہ

(ب + ح + د + ش)^۳ = ۳(ب + ح + د + ش)(ب^۲ + ح^۲ + د^۲ + ش^۲)

- ۲(ب^۳ + ح^۳ + د^۳ + ش^۳) + ۶(ح د ش + ب د ش + ب ح ش + ب ح د)

اور یہی قاعدہ ہر جملہ کثیر الارقام کے واسطے ہو سکتا ہے — اسی ہمکو یہہ حاصل ہو سکتا ہے

کہ ا^۳(۱ + ر + ر^۲ + ر^۳ + ...)^۳ = ۳ا^۳(۱ + ر + ر^۲ + ر^۳ + ...) ا^۲(۱ + ر^۲ + ر^۴ + ر^۶ + ...)

- ۲ا^۳(۱ + ر^۳ + ر^۶ + ر^۹ + ...) + ۶ع

اسمیں بجائے حاصل ضرب مطلوب ع ہے پس

ا^۳(۱/(۱ - ر))^۳ = ۳ا^۳ · ۱/(۱ - ر) · ۱/(۱ - ر^۲) - ۲/(۱ - ر^۳) + ۶ع

اسواسطے ع = ا^۳/۶ [۱/(۱ - ر)^۳ + ۲/(۱ - ر^۳) - ۳/((۱ - ر^۲)(۱ - ر))]

اگر ۳ع = ا^۳/(۱ - ر^۳) تو ہمکو یہہ حاصل ہوگا کہ ۱/(۱ - ر)^۳ = ۳/((۱ - ر)(۱ - ر^۲)) اسواسطے

۱ + ر = ۳(۱ - ر) اس سے معلوم ہوا کہ ر = ۱/۲

سلسلہ تنہامی ہے اگر لا چھوٹا ی سے ہو اور بموجب مثال ۱۸۰ کے $(۱ + \frac{۱}{ن})^{ن}$ زیادہ
ن کے ساتھ ہوتا ہے پس $\frac{ی}{(۱+\frac{۱}{ن})^{ن}}$ ہمیشہ زیادہ واحد سے ہوگا خواہ ن کی کیسی ہی
بڑی قیمت فرض کرو پس اس سے ثابت ہوا کہ لا = ی تو بموجب دفعہ ۵۶۰ کے
سلسلہ انفراجی ہے اور جب لا بڑا ی سے ہے تو بدرجہ اولی سلسلہ انفراجی ہوگا

(۱۹۰) $\frac{۱}{۱ - لا - لا^{۲} + لا^{۳}} = \frac{۱}{(۱+لا)(۱-لا)^{۲}}$ پس اس لئے جملہ کی لوکارثم

$= -۲ لوک (۱ - لا) - لوک (۱ + لا) = ۲ (لا + \frac{لا^{۲}}{۲} + \frac{لا^{۳}}{۳} + \cdots) - (لا - \frac{لا^{۲}}{۲} + \frac{لا^{۳}}{۳} - \cdots)$

اس سے معلوم ہوا کہ اگر ن جفت ہو تو $لا^{ن}$ کا سر ن ہے اور اگر ن طاق ہو
تو $لا^{ن}$ کا سر $\frac{۳}{ن}$ ہے

(۱۹۱) $۱ + ۲ لا^{۲} + لا^{۴} = ۲ ا لا (۱ - لا^{۲})$ اسکو $لا^{۲}$ پر تقسیم کرو تو $\frac{۱}{لا^{۲}} + ۲ + لا^{۲} = ۲ ا (\frac{۱}{لا} - لا)$
یعنے $(لا - \frac{۱}{لا})^{۲} + ۲ ا (لا - \frac{۱}{لا}) + ۴ = ۰$ اس دوم درجہ کی مساوات حل کرنے سے
$لا - \frac{۱}{لا} = - ا \pm \sqrt{ا^{۲} - ۴}$ اس سے لا دریافت ہوسکتا ہے

(۱۹۲) اگر لا = ء = ی تو جملہ فنا ہو جاتا ہے اگر لا = ء تو جملہ $ی^{۲}(ی - لا)^{۲}$ ہو جاتا ہے
اور علے ہذا القیاس اگر ء = ی یا ی = لا ہو تو یہ جملہ ضرور مثبت ہوگا۔ اگر لا اور ء
اور ی مختلف ہوں اور اونکی مقدار کے اعتبار سے ترتیب تنازلی جبریہ ہو یعنی لا − ء
اور ء − ی مثبت ہوں تو $لا^{۲}(لا - ء)(لا - ی)$ مثبت ہے اور $ی^{۲}(ی - لا)(ی - ء)$
مثبت ہے کیونکہ اجزاء ضربی ی − ء اور ی − لا دونوں منفی ہیں لیکن
$ء^{۲}(ء - ی)(ء - لا)$ منفی ہے اب کیا تو $لا^{۲}$ یا $ی^{۲}$ بڑا $ء^{۲}$ سے ہے اور
لا − ی بڑا لا − ء سے ہے اور ء − ی سے زیادہ تر بڑا ہے پس کم از کم ایک دونوں
$لا^{۲}(لا - ی)(لا - ء)$ اور $ی^{۲}(ی - لا)(ی - ء)$ میں سے کمیت کی اعتبار سے
بڑا $ء^{۲}(ء - ی)(ء - لا)$ سے ہوگا پس کل جملہ مثبت ہے

(۱۹۳) مساواتوں کو اس طرح لکھو کہ

(لا۲+۱)(ی۲+۱) = ۴ لا ی اور ن۲ (لا۲+۱) ی = لا (ی۲+۱) پس ضرب سے
ن۲ (لا۲+۱)۲ (ی۲+۱) ی = ۴ لا۲ ی (ی۲+۱) پس یہہ حل کہ ی = ۰ مساوات سے متعلق نہیں
ہو سکتا ی۲+۱ = ۰ سے ناممکن قیمتین حاصل ہوتی ہین اب ن۲ (لا۲+۱) = ۴ لا۲ مقرر کرو تو
لا۲+۱ = ± ۲لا/ن اسے ہم لا کو دریافت کرتے ہین اور چونکہ (لا۲+۱)(ی۲+۱) = ۴ لا ی
تو قیمت مندرج کرنے سے ± ۲/ن (ی۲+۱) = ۴ ی اسیواسطے ی۲+۱ = ± ۲ ن ی اسے
ہم ی کو دریافت کرتے ہین

(۱۹۴) فرض کرو لا = ک (ا - ب و) اور ی = ک (ا + ا و) اور ی = ک (ا + ا ب و۲)
اور انکو ہر ایک مساوات مین مندرج کرو تو اول مساوات ک (ا + ب + ح + ا ب ح و۲) = ۰
اور دوسرے کا (ا + ا ب و۲) (ا + ب + ح + ا ب ح و۲) = ۰ اسے معلوم ہوا کہ
دونو مساواتون کی شرائط پوری ہوجائنگی اگر ا + ب + ح + ا ب ح و۲ = ۰ ہو

(۱۹۵) م وان مجموع (م - ۱) ق + ۱ وین رقم سے اوس سلسلہ حسابیہ کے جو سلسلہ متوستقیہ
سے اخذ کیا جائے شروع ہوتا ہے یعنے وہ ا/ق - ب/۲ق + ب/۲ ق + (م - ۱) ق . ب/ق سے
سے شروع ہوتا ہے پس مجموعہ رقمون کا مجموعون مین یہہ ہے

ق/۲ [۲ا/ق - ب/ق + ب/ق + ۲ (م - ۱) ب/ق + ق - ۱ ب/ق] یعنے
ق/۲ [۲ا/ق + ۲ (م - ۱) ب/ق] یعنی ا + (م - ۱) ب ہے

(۱۹۶) فرض کرو کہ ن وین رقم کو سن تعبیر کرتا ہے تو سن = ۱/۲ (سن-۱ + سن-۲)
اسواسطے سن - سن-۱ = - ۱/۲ (سن-۱ - سن-۲) اسے ثابت ہوتا ہے کہ سلسلہ
س۲ - س۱ اور س۳ - س۲ اور س۴ - س۳ ... ایک سلسلہ ہندسیہ ہے جسکی نسبت مشترک - ۱/۲ ہے
اسیواسطے سن - سن-۱ = (س۲ - س۱) (- ۱/۲)^(ن-۲) = (ب - ا) (- ۱/۲)^(ن-۲) پس
س۲ - س۱ = ب - ا اور س۳ - س۲ = (ب - ا) (- ۱/۲) اور س۴ - س۳ = (ب - ا)(- ۱/۲)۲
... سن - سن-۱ = (ب - ا) (- ۱/۲)^(ن-۲) اسیواسطے جمع کرنے سے

$س_ن - س_{ر} = (ب - ا) \left[۱ + (-\frac{۱}{ر}) + (-\frac{۱}{ر})^۲ + \cdots + (-\frac{۱}{ر})^{ن-۲} \right]$

$= (ب - ا) \frac{(-\frac{۱}{ر})^{ن-۱} - ۱}{-\frac{۱}{ر} - ۱} = \frac{۲(ب - ا)}{۳} \left[۱ - (-\frac{۱}{ر})^{ن-۱} \right]$

(۱۹۷) اول دو چیزین ا اور ب فرض کرو نو انکی ترتیبین ا ب اور ب ا ہین اسے ہم $\frac{۱}{ا(ا+ب)}$ اور $\frac{۱}{ب(ا+ب)}$ کسرین بناتے ہین اونکا مجموعہ $= (\frac{۱}{ا} + \frac{۱}{ب}) \frac{۱}{ا+ب} = \frac{۱}{اب}$

اب تین جزا اور ب اور ح فرض کرو تو وہ ترتیبین جمین ح آخر ہوتا ہے ا ب ح اور ب ا ح ہین اسے ہم $\frac{۱}{ا(ا+ب)(ا+ب+ح)}$ $\frac{۱}{ب(ب+ا)(ب+ا+ح)}$ بنائین تو انکا مجموعہ بموجب صورت اول $\frac{۱}{اب(ا+ب+ح)}$ ہے اور اسی طرح سے اون ترتیبون مین جنکے آخر اسے $\frac{۱}{بح(ا+ب+ح)}$ حاصل ہوگا اور جن ترتیبون کے آخر مین ب ہے اوسے $\frac{۱}{حا(ا+ب+ح)}$ حاصل ہو لیس کل مجموعہ

$= \frac{۱}{ا+ب+ح} \left(\frac{۱}{اب} + \frac{۱}{بح} + \frac{۱}{حا} \right) = \frac{۱}{اب ح}$ لیس جو امر تین جزون کے واسطے ثابت ہوا وہی چار جزون کے لئے ثابت ہو سکتا ہے اور علے ہذا القیاس

(۱۹۸) دائین طرف جو جملہ ہے وہ ظاہر ہے کہ $(۱ + ی)^ن (۱ + \frac{لا}{ی})^ن$ کی صورت مفصل مین وہ رقم ہے جسمین ی نہین ہے اور $(۱ + ی)^ن (۱ + \frac{لا}{ی})^ن =$

$(۱ + لا + ی + \frac{لا}{ی})^ن = (۱ + لا)^ن \left[۱ + \frac{ی + \frac{لا}{ی}}{۱ + لا} \right]^ن =$

$(۱ + لا)^ن \left[۱ + ن ی + \frac{ن(ن-۱)}{۲} ی^۲ + \cdots \right]$ اسمین ی بجای $\frac{ی + \frac{لا}{ی}}{۱ + لا}$ کے ہر اب ہمکو وہ رقم دریافت کرنی چاہیئے جو ی اور ی۲ اور ی۳ ... کی صورت مفصلہ مین و نہ رکھتی ہو اب یہان ہم دیکھتے ہین کہ ی اور ی۳ اور ی۵ ... مین تو کوئی ایسی رقم موجود نہین اور ی۲ مین $\frac{۲ لا}{(۱+لا)^۲}$ ہے اور ی۴ مین رقم $\frac{\underline{|۴}\, لا^۲}{\underline{|۲}\, \underline{|۲}\, (۱+لا)^۴}$ ہے اور علی ہذا القیاس

(۱۹۹) $س_ن = \frac{۱}{و_{ن+۱}}$ جسمین $و_ن = \left(\frac{ن + ۲}{ن + ۱}\right)^{ن+۱}$ $\cdot - \frac{ن + ۲}{ن + ۱} =$

$(۱ + \frac{۱}{ن + ۱})^{ن+۱} - \frac{ن + ۲}{ن + ۱}$ اسے معلوم ہوا کہ جب ن کو کما ینبغی بڑا فرض کرین تو

جہان تک ہم چاہین دن کو تقریبًا برابر ی - ۱ کے کر سکتے ہین اس سے معلوم ہوا کہ ہم سن کو برابر $\left(\frac{۱}{ی-۱}\right)^{ن+۱}$ کے کر سکتے ہین پس جب ن کماینبغی بڑا ہووے اور $\frac{۱}{ی-۱}$ چھوٹا واحد سے ہو تو سلسلہ سلسلہ ہندسیہ بنجایگا جسمین نسبت مشترک واحد سے کم ہوگی اور اسیواسطے وہ انضمامی ہوگا

(۲۰۰) دفعہ ۲۵۰ کی ترکیب کے موافق سلسلہ برابر ہے حاصلضرب $\lfloor ن+۳$ اور $لا^{ن+۳}$ کے سر کے جو صورت مفصلہ

$$\left(لا + \frac{لا^۲}{\lfloor ۲} + \frac{لا^۳}{\lfloor ۳} + \frac{لا^۴}{\lfloor ۴} + \cdot\cdot\right)^ن$$

مین واقع ہے اور یہہ سر وہی ہے جو $لا^۳$ کا سر صورت مفصلہ

$$\left(۱ + \frac{لا}{\lfloor ۲} + \frac{لا^۲}{\lfloor ۳} + \frac{لا^۳}{\lfloor ۴} + \cdot\cdot\right)^ن$$ مین واقع ہے

اور بموجب دفعہ ۲۹۵ کے

ع	ق	ر	ص
ن-۱	۰	۰	۱
ن-۲	۱	۱	۰
ن-۳	۳	۰	۰

$ق + ۲ر + ۳ص = ۳$

اور $ع + ق + ر + ص = ن$ پس سر

$$ن\frac{۱}{\lfloor ۴} + ن(ن-۱)\frac{۱}{\lfloor ۲}\cdot\frac{۱}{\lfloor ۳} + \frac{ن(ن-۱)(ن-۲)}{\lfloor ۳}\left(\frac{۱}{\lfloor ۲}\right)^۳$$

یعنی $\frac{ن}{۲۴} + \frac{ن(ن-۱)}{۱۲} + \frac{ن(ن-۱)(ن-۲)}{۴۸}$

اسیواسطے سلسلہ $= \lfloor ن+۳ \left[\frac{ن}{۲۴} + \frac{ن(ن-۱)}{۱۲} + \frac{ن(ن-۱)(ن-۲)}{۴۸}\right]$

(۲۰۱) اگر ضرب کا عمل اون اجزاء ضربی پر کرین جو اول مثال مین بیان ہوئی تو یہہ حاصل ہوگا کہ

$۱ - لا - لا^۲ + لا^۵ + لا^۶ + لا^۷ - لا^۸ - لا^۹ - لا^{۱۰} + لا^{۱۳} + لا^{۱۴} - لا^{۱۵}$ اب اگر ہم $(۱-لا^۶)(۱-لا^۷)(۱-لا^۸)\cdot\cdot$ کو آپسمین ضرب دین تو ظاہر ہے کہ حاصل ضرب $لا^{۱۲}$ تک یہہ ہوگا کہ $۱ - لا^۶ - لا^۷ - لا^۸ - لا^۹ - لا^{۱۰} - لا^{۱۱} - لا^{۱۲}$ اب اس کو پہلے حاصل ضرب مین ضرب دین اور $لا^{۱۲}$ تک حاصل ضرب لکھین تو یہہ ہوگا کہ

۱ - لا - $لا^{۲}$ + $لا^{۵}$ + $لا^{۷}$ - $لا^{۱۲}$

(۲۰۲) ضرب دینے یا دفعہ ۸۰۸ کی ترتیب سے بہ آسانی ثابت ہو سکتا ہے کہ

$(ا - ب)^{۳} + (ب - ح)^{۳} + (ح - ا)^{۳} = - ۳ (ب - ا)(ح - ب)(ا - ح)$

اسے معلوم ہوا کہ

$(ا^{۲} - ب^{۲})^{۳} + (ب^{۲} - ح^{۲})^{۳} + (ح^{۲} - ا^{۲})^{۳} = - ۳ (ب^{۲} - ا^{۲})(ح^{۲} - ب^{۲})(ا^{۲} - ح^{۲})$

دوسرے کو اول پر تقسیم کرو تو نتیجہ مطلوب حاصل ہو جائیگا

(۲۰۳) اب ہم کو یہ ثابت کرنا ہے کہ $ر^{۱۰۰۰۰}$ چھوٹی بہ نسبت ۵۰ کے ہے اور ر = ۱ + $\frac{۱}{۱۰^{۴}}$

اب لوک $ر^{۱۰۰۰۰}$ = ۱۰۰۰۰ لوک ر = ۱۰۰۰۰ لوک $\frac{۱۰^{۴}+۱}{۱۰^{۴}}$ = ۱۰۰۰۰ (لوک ۱۰۰۰۱ - ۴)

= ۱۰۰۰۰ (لوک ۱۳ + لوک ۷۶۹ - ۴) = ۱۰۰۰۰ (لوک ۱۳ + ۳ لوک ۲ - ۲ - ۲) = ۴۳۴۲ء۰ ... ۱ء

اور نیز لوک ۵۰ = لوگ $\frac{۱۰۰}{۲}$ = ۲ - لوک ۲ = ۶۹۸۹۷ء۱ پس

لوگ $ر^{۱۰۰۰۰}$ بڑی بہ نسبت لوک ۵۰ کے ہے اسیواسطے $ر^{۱۰۰۰۰}$ بڑا ۵۰ سے ہے

(۲۰۴) فرض کرو کہ کسر متسلسل $\frac{۱}{۱+}\ \frac{۱}{ع+}\ \frac{۱}{۱+}\ \frac{۱}{ع+}$ ... کو لا تعبیر کرتا ہے تو

$لا = \frac{۱}{\frac{۱}{ع + لا} + ۱} = \frac{ع + لا}{ع + ۱ + لا}$ اسیواسطے $لا^{۲}$ + ع لا - ع = ۰

اسیواسطے $لا = \frac{۱}{۲}(- ع + \sqrt{ع^{۲} + ۴ ع})$ اسیواسطے ۲ لا + ع = $\sqrt{ع^{۲} + ۴ ع}$

یہی نتیجہ مطلوب ہے

(۲۰۵) فرض کرو کہ ۹ پونڈ کے وزنوں کو لا تعبیر کرتا ہے اور ۱۴ پونڈ کے وزنوں کو ی تعبیر کرتا ہے تو ۹ لا + ۱۴ ی = ۲۲۴۰ ایک حل لا = ۰ اور ی = ۱۶۰

اور عام حل لا = ۱۴ ط اور ی = ۱۶۰ - ۹ ط اسمیں ط کی قیمت صفر سے لیکر ۱۷ تک ہو سکتی ہے ضمین صفر اور ۱۷ بھی داخل ہین پس ۱۸ حل ہوئی

(۲۰۶) فرض کرو کہ $\frac{۱}{(۱ - لا)(۱ - ۲ لا)} = \frac{ط}{۱ - ۲ لا} + \frac{ص لا + س}{(۱ - لا)^{۲}}$

اسیواسطے ۱ = ط $(۱ - لا)^{۲}$ + (ص لا + س) (۱ - ۲ لا) چونکہ یہہ مساوات متطابقہ ہے

تو لا کی قیمت جو چاہیں فرض کر سکتے ہیں پس لا = ½ فرض کرو تو

۱ = ط/۴ پس ط = ۴ اسیواسطے ۱ - ۴ (۱ - لا)^۲ = (ص لا + س)(۱ - ۲ لا)

یعنے (۲ لا - ۳)(۱ - ۲ لا) = (ص لا + س)(۱ - ۲ لا) اسیواسطے

۲ لا - ۳ = ص لا + س اسیواسطے ص = ۲ اور س = - ۳ پس

۱ / ((۱ - ۲ لا)(۱ - لا)^۲) = ۴/(۱ - ۲ لا) + (۲ لا - ۳)/(۱ - لا)^۲ = ۴ (۱ - ۲ لا)^-۱ + (۲ لا - ۳)(۱ - لا)^-۲

پس لا^ن کا سر صورت منفصلہ میں ۴ × ۲^ن + ۲ ن - ۳ (ن + ۱) یعنی ۲^(ن+۲) - ن - ۳ ہے

(۲۰۷) دونو مفروضہ جملون کو ۱ - لا پر تقسیم کرو تو ہمکو یہہ ثابت کرنا ہے کہ

(۱ + لا + لا^۲ + ... + لا^ن)/(ن + ۱) چہوٹا (۱ + لا + لا^۲ + ... + لا^(ن+۱))/ن سے ہے

یا ن لا^ن چہوٹی ۱ + لا + لا^۲ + ... + لا^(ن-۱) سے ہے اور یہہ ظاہر ہے کہ

ن رقمون میں سے ہر ایک قسم بائیں طرف بڑی لا^ن سے ہے

(۲۰۸) یہہ ظاہر ہے کہ جملہ ن^۴ - ۴ ن^۳ + ۵ ن^۲ - ۲ ن میں ن = ۱ ہو تو وہ

فنا ہو جاتا ہے اسلئے بموجب دفعہ ۳۲۴ کے ایک جز ضربی اوسکا ن - ۱ ہے اور

ن بہی ایک جز ضربی ہے پس جملہ کو ن (ن - ۱) پر تقسیم کرو تو ایک اور جز ضربی

دریافت ہوگا اور یہہ معلوم ہوگا کہ جملہ = (ن - ۲)(ن - ۱)^۲ ن اب ان میں

اجزاء ضربی ن - ۲ اور ن - ۱ اور ن میں سے ایک ۳ پر تقسیم ہوگا اور اگر ن جفت ہو

تو ن اور ن - ۲ لگا ۲ پر تقسیم ہوگا اور اگر ن طاق ہو تو (ن - ۱)^۲ چار پر

تقسیم ہوگا پس جملہ ۴ × ۳ یعنی ۱۲ پر تقسیم ہوتا ہے

(۲۰۹) جتنی طرح سے ۵ سکے نکالے جائینگے اونکی تعداد اون اجتماعون کی تعداد کے برابر ہے جو ۱۰ چیزونمیں سے پانچ پانچ کی لی جائیں یعنے ۱۰!/(۵! ۵!) اور جتنے طورون سے تین نشاندار سکے نکل سکتے ہیں وہ ... اونکی تعداد یعنی ۵!/(۲! ۳!) ہے پس تین نشاندار سکون کے نکلنے کا احتمال

(۵!/(۳! ۲!)) ÷ (۱۰!/(۵! ۵!)) یعنی (۵ × ۴ × ۳)/(۱۰ × ۹ × ۸) یعنی ۱/۱۲ ہے اسی معلوم ہوا کہ توقع کی قیمت ۱/۱۲ روپیہ ہے

(۲۱۰) ن وین رقم $\frac{(ن-۱)^{ن-۱}}{ن^ن} = \frac{۱}{ن-۱}\left(\frac{ن-۱}{ن}\right)^ن = \frac{۱}{ن-۱}\left(۱-\frac{۱}{ن}\right)^ن$ اب $\left(۱-\frac{۱}{ن}\right)^ن$ کو جسقدر چاہیں $ی^{-۱}$ کے قریب ن کو کمانبغی بڑا فرض کرکے لاسکتے ہیں دفعہ ۵۵۲ دیکھو پس سلسلہ ایک نسبت محدود سلسلہ متفرقہ جیسے $\frac{۱}{۲}+\frac{۱}{۳}+\frac{۱}{۴}+\dots$ سے رکہتا ہے اسلئے وہ خود انفراجی ہے

(۲۱۱) فرض کرو کہ ن مقادیر کو $ا_۱$ و $ا_۲$ ... $ا_ن$ تعبیر کرتے ہیں تو

$$(ا_۱ + ا_۲ + \dots + ا_ن)^۲ = \frac{۲ن}{ن-۱}(ا_۱ ا_۲ + ا_۱ ا_۳ + \dots + ا_۲ ا_۳ + \dots)$$

اب دائیں طرف مجذور کی تشریح لکھو اور ن - ۱ میں ضرب دو اور ساری رقمیں دائیں طرف لے آؤ تو یہہ حاصل ہوگا کہ

